قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
e.sheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 13 جولائی 2026ء 27 محرم الحرام 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 312

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

بلوچستان، مسلح افراد کی فائرنگ، 5 مزدور جاں بحق

جاں بحق ہونے والے تمام افراد کا تعلق پنجاب کے مختلف علاقوں سے تھا جو وہ مقامی دکانوں میں کام کررہے تھے، ڈپٹی کمشنر واشک مجید سرپرہ

دہشت گردوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، صدر مملکت، یہ بزدلانہ حملے دہشتگردی کے خلاف عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، وزیراعظم

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں اتوار کو نامعلوم مسلح افراد نے دکانوں پر فائرنگ کرکے پنجاب سے تعلق رکھنے والے 5 مزدوروں کو قتل کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر واشک مجید سرپرہ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے تمام افراد کا تعلق پنجاب کے مختلف علاقوں سے تھا جو وہ مقامی دکانوں میں کام کر رہے تھے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ مسلح افراد نے دکانوں پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں پانچوں مزدور موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ فائرنگ کے فوراً بعد حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز فوری طور پر علاقے میں پہنچ گئیں اور لاشوں کو اسپتال منتقل کر دیا جبکہ ملزمان کی تلاش شروع کر دی اور مقتولین کی لاشیں پوسٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کا انتقال، پاکستان میں سوگ، قومی پرچم سرنگوں رہے گا

سابق امیر کو جدید قطر کی تعمیر اور ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیات میں شمار کیا جاتا ہے ان کے دورِ حکومت میں قطر نے معیشت، تعلیم، سفارتکاری، توانائی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں نمایاں ترقی کی

پاکستان قطر کی حکومت، شاہی خاندان اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، وزیراعظم: کابینہ ڈویژن نے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قطر کے سابق امیر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی 74 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ امیری دیوان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پوری قوم اللہ تعالیٰ کے فیصلے اور تقدیر پر کامل ایمان کے ساتھ اس عظیم سانحے پر غمزدہ ہے۔ بیان میں مرحوم کے لیے مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا بھی کی گئی۔ شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کو جدید قطر کی تعمیر اور ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیات میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان کے دورِ حکومت میں قطر نے معیشت، تعلیم، سفارتکاری، توانائی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں نمایاں ترقی کی۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سلام آباد: (شہرنامہ نیوز) حکومتِ پاکستان نے قطر کے سابق امیر شیخ حمد بن خلیفہ آل ثانی کے انتقال پر 13 جولائی کو ملک بھر میں قومی یومِ سوگ منانے کا اعلان کر دیا ہے۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر 13 جولائی کو قومی یوم سوگ منایا جائے گا، جبکہ اس موقع پر ملک بھر میں قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پاکستان قطر کی حکومت، شاہی خاندان اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ کابینہ ڈویژن نے قومی یومِ سوگ کے حوالے سے باضابطہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

فضل الرحمٰن کا مدارس کے تحفظ کی جنگ جاری رکھنے کا اعلان

مہنگائی، معاشی بدحالی، حکومت ناکام، پنجاب کا نیا قانون مدارس پر حملہ ہے، خطاب

پتوکی (صباح نیوز) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے پھول نگر میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی اور پنجاب حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کو مہنگائی اور معاشی بدحالی سے ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی بڑھتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے سیکرٹری جنرل سعودی فیملی امور کونسل میمونہ الخلیل ملاقات کر رہی ہیں

ایرانی حملوں کے خلاف خلیجی ممالک متحد، سخت بیانات

ایران کا رویہ امن و استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے، سعودی عرب، عمان کویت

ریاض، مسقط، کویت سٹی (مانیٹرنگ ڈیسک) خلیجی ممالک سعودی عرب، عمان اور کویت نے حالیہ ایرانی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں علاقائی سلامتی، خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ سعودی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کا رویہ خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ وزارت کے مطابق ایران کی جانب سے تجارتی جہازوں پر حملے اور بحری راستوں کو نشانہ بنانا اقوام متحدہ کے چارٹر، اسلامی تعاون تنظیم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاکستان، سعودیہ کا مشترکہ تعاون کے فروغ کا اعادہ

خواتین کی بڑھتی ہوئی شمولیت اور باہمی تجربات کے تبادلے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ نے مملکت سعودی عرب کی فیملی افیئرز کونسل کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر میمونہ الخلیل سے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں خواتین کے حقوق، خاندانی نظام اور او آئی سی کے تحت تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں جانب سے سعودی عرب کی سماجی و اقتصادی اصلاحات، خواتین کی بڑھتی ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سعودی سفیر کی ملاقات

باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں پاک، سعودی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کا عزم

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی ہے۔ دونوں نے تازہ ترین علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور مذاکرات اور سفارت کاری کو فروغ دینے کے لیے اجتماعی کوششوں کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مفاد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

طاقت کے ذریعے آبنائے ہرمز کا کنٹرول حاصل کیا، ایران

ہم اسی طاقت کے ذریعے اس کی حفاظت بھی کریں گے، ترجمان قومی سلامتی

تہران (آئی این پی) ایران کی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے کہا ہے کہ ہم نے طاقت کے بل بوتے پر آبنائے ہرمز کا کنٹرول حاصل کیا ہے، اور ہم اسی طاقت کے ذریعے اس کی حفاظت بھی کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال اب پہلے جیسی نہیں رہے گی اور دیگر ممالک کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

آپریشن شعبان جاری، مزید 3 خوارج ہلاک، مجموعی تعداد 105 تک جا پہنچی

فورسز کی فتنہ الخوارج کے کیخلاف علاقے میں ہوائی اور زمینی کارروائیاں کی جارہی ہیں، سیکیورٹی ذرائع

افسران اور جوانوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، صدر، وزیراعظم

اسلام آباد، کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کا مشترکہ "آپریشن شعبان" جاری ہے جس میں سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کے کیخلاف علاقے میں ہوائی اور زمینی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 3 خارجیوں کو جہنم واصل کیا گیا، آپریشن شعبان میں جہنم واصل ہونے والوں کی مجموعی تعداد 67 ہوگئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 105 خارجی دہشتگرد جہنم واصل ہو چکے ہیں، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رہے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے دہشتگردوں کو ہلاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سی ڈی اے آپریشنز قبرستانوں تک پہنچ گئے، قبروں کی منتقلی کے نوٹس جاری

سی ڈی اے کا نیا اقدام، آپریشن آخری آرام گاہوں تک پہنچ گیا درباریوں گدی نشینوں کو بھی پروانے بھیج دیئے گئے

روڈ منصوبہ، ورثاء کے جذبات اور ترقیاتی تقاضے، سی ڈی اے کو کڑا امتحان درپیش اللہ خیر کرے

ترقیاتی ضرورت یا حساس معاملہ؟ سوہان قبرستان کی قبروں کی منتقلی کا آغاز دیہی علاقوں میں بحث چھڑ گئی

آبادیوں کے بعد مردوں کی منتقلی بھی! سوہان قبرستان کی قبروں کیلئے سی ڈی اے کے نوٹس جاری

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر سے) سی ڈی اے کے آپریشنز کا دائرہ قبرستانوں تک پہنچ گیا، سی ڈی اے حکام نے مختلف آبادیوں اور تعمیرات کے خلاف آپریشنز کے ساتھ اب آپریشن کا رخ قبرستانوں آخری آرام گاہوں کی طرف موڑ لیا اور شہریوں کو قبروں کی منتقلی کے نوٹس جاری کر دیئے عوامی سطح پر نئی بحث چھڑ گئی ہے تفصیلات کے مطابق کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے اسلام آباد ایکسپریس وے سے ملحقہ سوہان کرال، ضیاء مسجد، شکریال کے علاقوں میں نئے لنک روڈ کی تعمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، نویں او آئی سی منسٹریل کانفرنس برائے خواتین میں غیر ملکی وفود شریک ہیں

ساہیوال، وفاقی وزیر سید عمران شاہ منصوبہ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی شہدائے کشمیر کو خراجِ عقیدت پیش

شہداء نے غیر معمولی جرات، استقامت کا بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد، (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی، نے 13 جولائی 1931ء کے شہدائے کشمیر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی قربانیاں کشمیری عوام کی انصاف، وقار اور حقِ خودارادیت کی جدوجہد کی ایک لازوال علامت ہیں۔ کشمیر یوم شہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سری نگر سنٹرل جیل کے باہر جام شہادت نوش کرنے والے 22 کشمیریوں نے غیر معمولی جرات، استقامت اور اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

بلوچستان میں تاریخی اصلاحات، 4 نئے ڈویژن اور 5 نئے اضلاع قائم

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان حکومت نے صوبے کے انتظامی ڈھانچے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کی منظوری دیتے ہوئے 4 نئے ڈویژن، 5 نئے اضلاع، متعدد نئی سب ڈویژن، تحصیلیں اور سب تحصیلیں قائم کر دی ہیں۔ صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ ر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن مجلس شوریٰ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسپیکر ایاز صادق کا شہدائے کشمیر کو خراجِ عقیدت

حقِ خودارادیت کے لیے دی جانے والی قربانیاں تاریخ کا روشن باب، بیان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یومِ شہدائے کشمیر کے موقع پر کشمیری شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام نے سات دہائیوں سے زائد عرصہ پر محیط جدوجہد کے دوران اپنے بنیادی حقوق اور حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے لازوال قربانیاں پیش کیں ہیں جنہیں تاریخ میں ہمیشہ احترام اور عقیدت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

سیکرٹری جنرل مسلم ورلڈ لیگ کو نشانِ خدمت عطا کرنے کی منظوری

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ کو نشانِ خدمت عطا کرنے کی منظوری دے دی۔ صدرِ مملکت نے ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ کو بین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

لیسکو، گریڈ 18 سے 20 تک کے افسران کو بجلی کی سہولت ختم

گریڈ 18 کے افسران کو سالانہ 6 ہزار 19 کے افسران کو 8 ہزار یونٹس ملتے تھے

لاہور (آئی این پی) افسران کی مفت بجلی یونٹس کی سہولت ختم کر دی گئی ہے اور انہیں عام شہری کی طرح بجلی بل ملیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے گریڈ 18 سے 20 تک کے افسران کی مفت بجلی یونٹس کی سہولت ختم کر دی گئی ہے اور اب انہیں بھی عام شہریوں کی طرح بجلی کے بل ملنا شروع ہو گئے ہیں۔ لیسکو ذرائع نے بتایا کہ گریڈ 18 کے افسران کو سالانہ 6 ہزار جب کہ گریڈ 19 کے افسران کو 8 ہزار بجلی یونٹس مفت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

یورپ کی آبنائے ہرمز پر جہازوں سے رضا کارانہ فیس لینے کی تجویز

لندن (آئی این پی) آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور عالمی جہاز رانی کو درپیش خطرات کے پیش نظر یورپی ممالک ایک نئے انتظامی ماڈل پر غور کر رہے ہیں۔ برطانوی اخبار گارڈین کے مطابق دنیا بھر میں تیل کی ترسیل کی اس اہم آبی گزرگاہ سے گزرنے والے بحری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

جماعت اسلامی شوریٰ: آزاد کشمیر بارے گرینڈ جرگہ کا فیصلہ

جرگہ جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی، حکومت سے رابطہ کرے گا، کمیٹی قائم

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) مجلس شوریٰ جماعت اسلامی پاکستان نے آزاد کشمیر کی صورتحال میں بہتری، مذاکرات کے آغاز اور امن کے قیام کے لیے گرینڈ کشمیر امن جرگہ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی صدارت میں ہونے والے مرکزی شوریٰ کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گرینڈ جرگہ عوامی ایکشن کمیٹی اور حکومت سے رابطہ کرے گا۔ آزاد کشمیر مسائل کا حل اور ہر صورت امن کا قیام جرگہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

لاہور، وفاقی وزیر جنید انور چیمبر آف کامرس میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

گوادر پورٹ پر پہلی بار میرین بنکرنگ آپریشن مکمل

اسلام آباد (آئی این پی) کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کے بعد این ایل سی کے تعاون سے گوادر پورٹ پر بھی بنکرنگ سروس کا آغاز ہوگیا، گوادر میں پہلی بنکرنگ کے بعد پاکستان کی تینوں بڑی تجارتی بندرگاہوں پر بین الاقوامی جہازوں کو بنکرنگ کی سہولت دستیاب ہوگئی۔ وائس چیئرمین سینیٹر جیکو نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اپیل

جناب میاں محمد شہباز شریف
وزیراعظم پاکستان

جناب فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر
چیف آف ڈیفنس سروسز

پاکستان کے کاشت کار، عوام اور فلور ملنگ انڈسٹری کو متفقہ مستقل گندم پالیسی دیکر بحرانوں سے بچائیں

پاکستان ایک زرعی ملک ہے، گندم اس ملک کی چار بڑی فصلات میں شامل ہے جبکہ آٹا ہمارے عوام کی بنیادی غذا ہے لیکن گزشتہ چند دہائیوں کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر برس کبھی وفاقی اور کبھی کسی صوبائی حکومت کی پالیسیوں کے سبب گندم کاشت کار اور فلور ملنگ انڈسٹری بحران کا شکار ہوجاتی ہے ملک میں گندم آٹا کی دستیابی کم ہونے، قیمتیں بڑھ جانے سے سب سے زیادہ متاثر عام آدمی ہوتا ہے۔ سب سے افسوسناک بات یہ کہ تمام ذمہ داری فلور ملنگ انڈسٹری پر عائد کرکے بیوروکریسی اور حکومتی شخصیات خود بری الذمہ ہوجاتی ہیں۔ اس سوچ اور بیانیہ نے کھربوں روپے مالیت کی فلور ملنگ انڈسٹری جو کہ لاکھوں لوگوں کے روزگار اور 25 کروڑ پاکستانی عوام کو غذائی اجناس فراہم کررہی ہے کو بدنام کررکھا ہے۔ آج یہ حالت ہے کہ فلور مل مالکان کا نہ ہی کاروبار بچ رہا ہے اور نہ ہی عزت بچتی دکھائی دے رہی ہے۔ ہماری آپ سے چند عاجزانہ گزارشات ہیں

- گندم کی کاشت بڑھانے، لاگت کاشت کم کرنے کیلئے زرعی مداخل کی قیمتیں کم کی جائیں، کارپوریٹ فارمنگ کی حوصلہ افزائی کی جائے
- وفاق اور صوبے محکمہ زراعت کے ذریعے زیرِ کاشت گندم رقبے میں ضروریات کے مطابق اضافے کیلئے عملی اقدامات کریں
- ملک بھر میں گندم اور اس کی مصنوعات کی آزادانہ نقل وحمل اور خرید وفروخت کی اجازت دی جائے
- ناجائز ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے مگر صوبوں کے اندر گندم کی سرکاری پکڑ دھکڑ اور مل مالکان کو ہراساں کرنا بند کیا جائے
- حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز سے بامعنی مشاورت کے بعد آئندہ دو برس کیلئے گندم کی علامتی قیمت خرید مقرر کرے
- وفاق اور صوبے تھرڈ پارٹی سسٹم کے تحت اپنے اسٹریٹیجک گندم سٹاکس مرتب کریں جنہیں حسب ضرورت ریلیز کیا جائے
- گندم کی کاشت پیداوار کا درست تخمینہ تیار کرنا ہی مستقبل کے بحرانوں سے بچنے کا بہترین حل ہے، وفاق اور صوبے حقیقی اعداد و شمار کی تیاری کو یقینی بنائیں
- گندم کی امپورٹ ایکسپورٹ کے فیصلے صوبائی حکومتیں نہیں بلکہ وفاقی حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کرے
- رواں برس گندم کی پیداوار میں کمی کی اطلاعات نے قیمتوں کو بہت بڑھا دیا ہے اور خدشہ ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید اضافہ ہوگا، وفاقی حکومت اپنی تحقیق و تصدیق کے بعد بروقت گندم امپورٹ بارے فوری فیصلہ سازی کرے

جنابِ عالی! پاکستان کے کسان اور فلور ملنگ انڈسٹری میں یہ استعداد اور صلاحیت موجود ہے کہ ملکی سطح پر یکساں اور متفقہ درست حکومتی پالیسیاں ساتھ ہوں تو گندم کی قومی پیداوار بڑھا کر نہ صرف پاکستان کے عوام کو وافر اور ارزاں نرخوں پر آٹا فراہم ہوسکتا ہے بلکہ گندم مصنوعات کی ایکسپورٹ سے سالانہ کروڑوں ڈالر کا کثیر زرمبادلہ لاکر معیشت کو مضبوط کیا جاسکتا ہے

منجانب: فعال فلور ملنگ انڈسٹری پاکستان

پنجاب سے 1 لاکھ 38 ہزار 342 غیر قانونی مقیم افغان باشندے واپس، عوام تعاون کریں محکمہ داخلہ

کریک ڈاؤن، رہائشی علاقوں، مارکیٹس کی جانچ، غیر قانونی افغان شہریوں کو ہولڈنگ سینٹرز منتقل کیا جاتا ہے

پنجاب میں 36 ہولڈنگ سینٹرز فعال ہیں جہاں اس وقت 53 افغان شہری موجود ہیں، فارن نیشنل سکیورٹی سیل

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کے لیے کارروائیاں جاری ہیں، پنجاب سے 1 لاکھ 38 ہزار 342 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھجوا گیا۔ حکام کے مطابق حکومتِ پاکستان کی پالیسی کے تحت قابلِ قبول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

حکومت اپنے منظور نظر افراد کو ایوارڈ دینے کا سلسلہ بند کرے، سہیل بخاری

پرائیڈ آف پرفارمنس کارکردگی اور میرٹ پر دینے چاہئے - ایونٹ آرگنائزر

لاہور (پ ر) سینئر ترین ایونٹ آرگنائزر پیر سید سہیل بخاری سیکرٹری جنرل ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ حکومت اپنے منظور نظر، چاپلوسی کرنے والے فنکاروں، تخلیق کاروں اور دیگر شعبہ کے افراد کو پرائیڈ آف پرفارمنس، تمغہ امتیاز، ہلال امتیاز اور دیگر سرکاری اعزازات دینے کا سلسلہ فوری بند کرے۔ صوبائی سطح پر جو نام نامزد کئے جاتے ہیں ان میں اکثریت وہ افراد شامل ہوتے ہیں جو کمیٹی کے واقف کار یا سفارشی ہوتے ہیں - پرائیڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

قطر میں ڈرونز کا ملبہ گرنے سے بچے سمیت 3 افراد زخمی

دوحہ (آئی این پی) ایران امریکی حالیہ کشیدگی کے دوران قطر میں ڈرونز کا ملبہ گرنے سے ایک بچہ سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قطری وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ٹوبہ ٹیک سنگھ: خاتون کے ہاں بیک وقت چار جڑواں بچوں کی پیدائش

2 بیٹے 2 بیٹیاں شامل، والدین سمیت خاندان بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ٹوبہ ٹیک سنگھ پنجاب میں ایک خاتون کے ہاں چار جڑواں بچوں کی پیدائش، بچوں میں دو بیٹے اور دو بیٹیاں شامل، تفصیلات کے مطابق پنجاب کے شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ایک خاتون کے ہاں 4 جڑواں بچوں کی پیدائش ہوئی ہے جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

خیبر پختونخوا بیوروکریسی کے سنیئر افسر کی خودکشی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور میں خیبر پختونخوا بیوروکریسی کے سنیئر افسر نے خودکشی کرلی۔ گریڈ 18 کے آفیسر جاوید صنم نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اردو کو عملی طور پر دفتری، تعلیمی اور انتظامی زبان بنایا جائے، عبدالمتین ہاشمی

پاکستانی روپے کے لیے ایک منفرد قومی علامت (لوگو) متعارف کرانے کا اعلان

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مکمل پاکستان پارٹی کے چیئرمین محمد عبدالمتین ہاشمی نے پاکستانی روپے کے لیے ایک منفرد قومی علامت (لوگو) متعارف کرانے کا اعلان کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسے سرکاری سطح پر منظور کرکے تمام قومی و بین الاقوامی مالیاتی اداروں میں رائج کیا جائے، یہ نشان کسی فرد یا سیاسی جماعت کی ملکیت نہیں بلکہ ریاستِ پاکستان اور پوری قوم کا مشترکہ اثاثہ ہونا چاہیے،، اردو کو عملی طور پر دفتری، تعلیمی اور انتظامی زبان بنایا جائے اور سپریم کورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

امریکی نوجوانوں میں حماس کی حمایت میں اضافہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں کیے گئے ایک تازہ سروے سے ظاہر ہوا ہے کہ خاص طور پر نوجوانوں اور ڈیموکریٹک ووٹرز میں اسرائیل کے بارے میں مثبت رائے میں نمایاں کمی آئی ہے جبکہ بعض حلقوں میں حماس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

برطانوی سلطنت کی نوآبادیاں، آج معاشرے میں اُنکے اثرات

جب آپ لندن میں ٹیوب میں سفر کرتے ہیں تو آپ نے بھی یقیناً یہ بات نوٹ کی ہوگی کہ ٹیوب میں انگریز تو بہت ہی کم ہوتے ہیں لیکن دنیا بھر کے مختلف رنگ ونسل کے لوگ، جن میں یورپی افریقی، مڈل ایسٹ اور ایشیائی ہی نظر آتے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ انگریز اس صورتحال کو دیکھ کر یقیناً یہ ضرور سوچتے ہوں گے کہ اتنے رنگ اور خطے کے لوگ یہاں آئے تو کیسے آئے؟ ان مختلف نسلوں کے لوگوں کو برطانیہ کا راستہ کس نے دکھایا؟ لیکن پھر اس کا جواب بھی فوراً مل جاتا ہوگا کہ جواب بہت آسان ہے جب انگریزوں نے 16 ویں صدی میں بیرون ملک آبادکاری اور کالونیاں بنانے کا آغاز کیا تو اُس وقت تک بہت سارے ممالک برطانیہ کے سفر کے راستوں سے نابلد تھے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ راستہ خود انگریزوں نے ہی دکھایا تھا۔ تب ہی اب برطانیہ کا یہ حال ہے کہ وہاں انہی سارے ممالک کے لوگ موجود ہیں جہاں جہاں انگریزوں نے اپنی کالونی بنائی تھی۔ یہاں پھر یہ سوال بھی ابھرتا ہے کہ کیا انگریزوں کا کالونی بنانا ان کے لیے دیرپا، منافع بخش ثابت بھی ہوا کہ نہیں؟ آیئے دیکھتے ہیں کہ انگریزوں نے دنیا میں جو اپنے پر پھیلائے تھے اب اُس کے نتائج کس حد تک اُن کے اپنے معاشرے پر مثبت ثابت ہوئے؟

ایک اندازے کے مطابق برطانوی سلطنت نے اپنی تاریخ میں 100 سے زائد ممالک اور علاقوں پر کسی نہ کسی شکل میں حکومت یا کنٹرول قائم کیا۔ اپنے عروج (تقریباً 1920ء) تک برطانوی سلطنت دنیا کی تقریباً ایک چوتھائی (25 فیصد) خشکی اور 2523 فیصد آبادی پر حکمران تھی۔

نوآبادیات (Colonialism) کو سمجھنے کے لیے اس زمانے کے عالمی حالات کو دیکھنا ضروری ہے۔ 15 ویں صدی سے 20 ویں صدی تک یورپی طاقتیں دنیا کے مختلف حصوں پر قبضہ کر رہی تھیں اور برطانیہ اس دوڑ میں سب سے کامیاب طاقت بن کر ابھرا تھا اُس وقت برطانیہ کی سلطنت کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا کہ یہ وہ سلطنت ہے جہاں سورج کبھی غروب نہیں ہوتا، کیونکہ اس کی کالونیاں دنیا کے مختلف خطوں میں پھیلی ہوئی تھیں۔

18 ویں صدی کے آخر میں برطانیہ میں ایک صنعتی انقلاب آیا اور کارخانے بڑی مقدار میں کپڑے، مشینیں اور دیگر سامان بنانے لگے تھے۔ ان کے لیے دو چیزوں کی ضرورت تھی، سستا خام مال اور تیار شدہ سامان فروخت کرنے کے لیے نئی منڈیاں۔ مثال کے طور پر ہندوستان سے کپاس، جوٹ، چائے حاصل کیے جاتے تھے۔ ملائیشیا سے ربڑ اور افریقہ سے سونا، ہیرے اور دیگر معدنیات۔

اس دور میں سمندری تجارت ہی عالمی معیشت کی بنیاد تھی۔ برطانیہ نے اہم بندرگاہوں اور بحری راستوں پر قبضہ کیا، جیسے جبرالٹر، عدن، سویز نہر کے راستے پر اثر ورسوخ بڑھایا، سنگاپور اور ہانگ کانگ کو بھی اپنی کالونی بنایا۔ ان مراکز کی مدد سے برطانوی بحریہ دنیا بھر میں تجارت اور فوجی نقل و حرکت کو آسانی سے برقرار رکھنے کے قابل ہوگئی تھی۔ لیکن یہاں صرف برطانیہ ہی نہیں بلکہ کئی دوسرے یورپی ممالک نوآبادیاتی نظام میں شامل تھے، مثلاً، اسپین، پرتگال، فرانس، نیدرلینڈ، بیلجیم، بعد میں جرمنی اور اٹلی بھی اس دوڑ میں شامل ہوگئے۔ البتہ 19 ویں اور 20 ویں صدی کے آغاز میں برطانیہ کی سلطنت سب سے زیادہ وسیع رہی۔ سب سے اہم پہلو جس پر نظر رکھنی ضروری ہے کہ اسطرح دوسرے ملکوں کو اپنی کالونی بنانے سے وہاں کے عوام کو کیا فائدہ پہنچا؟ ہر بات کے کئی مثبت اور کئی منفی پہلو بھی ہوتے ہیں، تو دیکھتے ہیں کہ اس میں مثبت پہلو کیا تھے۔ انگریز جہاں جہاں گئے وہاں انہوں نے ریلوے کا نظام بحال کیا اور ریلوے کی لائینیں بچھائیں۔ ریلوے لائینیں بچھیں تو دوسری طرف بندرگاہیں اور سڑکیں بھی تعمیر کی گئیں، انگریزوں نے جدید عدالتی اور انتظامی نظام کو بھی اُن ملکوں میں متعارف کروایا اور بعض علاقوں میں جدید تعلیم اور صحت کی سہولیات میں اضافہ بھی ہوا۔ ان سب مثبت پہلو کے ساتھ ساتھ بڑے بڑے منفی اثرات نے بھی جنم لیا جو کئی ممالک میں ابتک جاری ہے۔ اُن ممالک کے مقامی لوگوں کی سیاسی آزادی ختم ہوگئی اور اُس ملک کے وسائل کا بڑا حصہ برطانیہ منتقل کر دیا گیا، ساتھ ساتھ کئی مقامی صنعتیں، خصوصاً ہندوستان کی روایتی ٹیکسٹائل صنعت، شدید متاثر ہوئی تو دوسری طرف مقامی معیشت کو اکثر برطانوی مفادات کے مطابق ڈھال دیا گیا۔

دوسری جنگِ عظیم (19451939) کے بعد برطانیہ معاشی اور دفاعی طور پر کمزور ہوگیا اور یوں اس دوران مختلف کالونیوں میں آزادی کی تحریکیں مضبوط ہونے لگیں اور پھر 1947ء میں ہندوستان اور پاکستان آزاد ہوئے، 1957ء گھانا آزاد ہوا، 1960ء کی دہائی میں افریقہ کے کئی ممالک آزاد ہوئے۔ 1997ء میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

بلوچستان میں آپریشن شعبان

بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کا "شعبان" جاری ہے۔ اس سلسلہ میں سکیورٹی حکام کی جانب سے گذشتہ روز جو تفصیلات بیان کی گئیں اس کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے 26 دہشت گردوں کو چھ اور سات جولائی کو جہنم واصل کیا گیا جبکہ اس اپریشن کے پانچ روز کے دوران مجموعی 79 الخوارج دہشت گرد جہنم واصل کئے جا چکے ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق اپریشن شعبان کے دوران دشوار گذار پہاڑی علاقوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جا چکا ہے۔ زمینی اور فضائی ایکشنز کے ذریعے اس فتنے کے ٹھکانوں پر متعدد کارروائیاں کی گئی ہیں اور گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران مزید 17 خارجی دہشت گرد جہنم واصل ہوئے ہیں۔ سکیورٹی حکام کے مطابق اپریشن شعبان کے علاوہ جمعہ کی صبح خضدار زیدی کے علاقے میں دہشت گردوں کا پولیس سٹیشن پر حملہ بھی پسپا کیا گیا۔ فوج اور ایف سی کی اس برق رفتار کارروائی میں 8 دہشت گردوں کے جہنم واصل ہونے کی مصدقہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں جبکہ پانچ سے چھ مزید دہشت گردوں کے ہیلی کاپٹر اپریشن میں مارے جانے کی بھی تصدیق ہو چکی ہے۔ دریں اثناء کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور پر انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن کرتے ہوئے کمانڈر زاہد گروپ کے چار دہشت گرد ہلاک کئے۔ ڈی پی او کرک عمران چترالی کے مطابق کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور پر خٹک ڈیم اور کرک کوہاٹ بارڈر کے علاقے میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن کیا جس کے دوران دہشت گردوں نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی اور پولیس نے اس کا موثر جواب دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کرک کے علاقے میں بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب اپریشن پر خیبر پی کے پولیس کی ستائش کی اور اس کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا کہ اس نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو سرعت کے ساتھ ناکام بنایا ہے۔ علاوہ ازیں صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کے دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ اپریشن شعبان کی ستائش کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ ہماری فورسز ہر خطرے سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف پراکسی عناصر کو استعمال کرنے والے اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے، قومی عزم ہر سازش سے زیادہ مضبوط ہے، وطن کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ اسی طرح وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سکیورٹی فورسز کی جرات و بہادری کی تعریف کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اپریشن میں 79 دہشت گردوں کو ہلاک کرنا فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ انہوں نے باور کرایا کہ فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک فورسز اور قوم کے پختہ عزم میں کمی نہیں آئے گی۔ ہم ملک سے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ کر ہی دم لیں گے۔ یہ امر واقع ہے کہ پاکستان کو درپیش دہشت گردی کا چیلنج وقتی نہیں بلکہ ایک مسلسل اور منظم خطرہ بن چکا ہے جس سے نمٹنے کے لیے ریاستی اداروں کے ہمہ وقت چوکس رہنے، قومی اتحاد کو مضبوط بنانے اور ٹھوس بنیادوں پر حکمت عملی وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں فوج، ایف سی اور پولیس کے مشترکہ اپریشن شعبان کے دوران گزشتہ پانچ روز میں 79 دہشت گردوں کے جہنم واصل ہونے کی اطلاعات اس امر کا ثبوت ہیں کہ سکیورٹی فورسز دہشت گرد عناصر کے خلاف پوری قوت اور پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ سرگرم ہیں۔

یہ امر واقع ہے کہ بلوچستان گزشتہ کئی دہائیوں سے دہشت گردی، تخریب کاری اور بیرونی سرپرستی میں چلنے والی شورش کا مرکز بنا ہوا ہے۔ دہشت گرد گروہ نہ صرف سکیورٹی فورسز بلکہ عام شہریوں، ترقیاتی پراجیکٹس اور قومی تنصیبات کو بھی نشانہ بناتے ہیں۔ ان عناصر کا مقصد پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانا، ترقی کے عمل کو سبوتاژ کرنا اور صوبے میں بدامنی کو فروغ دینا ہے تاہم وطن عزیز کی سکیورٹی فورسز نے مسلسل قربانیاں دے کر ان مذموم عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ آپریشن "شعبان" بھی اسی تسلسل کی ایک اہم کڑی ہے جس کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانے اب ان کے لیے محفوظ نہیں رہے۔ اس تناظر میں ملک کی سیاسی اور عسکری قیادتوں کا یکجہت ہو کر بھارت اور افغان طالبان رجیم کے پاکستان کی سلامتی کے خلاف گٹھ جوڑ کا بھرپور طاقت کے ساتھ جواب دینا اس قومی پالیسی کا دوٹوک اعلان ہے جس کے تحت دہشت گردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچانے کا فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ اس جنگ میں پوری قوم فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ بے شک دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب عوام، ریاستی ادارے اور سیاسی قیادت ایک صفحے پر ہو اور دہشت گردوں کے لیے کسی قسم کا نرم گوشہ یا ہمدردی باقی نہ رہے۔

اس تناظر میں امریکی ادارے "گلوبل کانفلیکٹ ٹریکر" کی اس رپورٹ کا بھی سنجیدگی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ طالبان رجیم نے افغانستان کو دہشت گردی کی آگ میں جھونک دیا ہے۔ طالبان رجیم کی اس انتہاء پسندانہ پالیسی کے باعث ہی افغانستان دوبارہ دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کا مرکز بنا ہے چنانچہ اس حقیقت سے اب انسانی حقوق کے عالمی ادارے بھی صرف نظر نہیں کر سکتے کہ افغان سرزمین مختلف دہشت گرد گروہوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بن چکی ہے جہاں سے وہ نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے دیگر ممالک کے خلاف بھی کارروائیاں کرتے ہیں۔ پاکستان عالمی برادری کو اس خطرے سے مسلسل آگاہ کر رہا ہے مگر بدقسمتی سے اس حوالے سے افغانستان پر مؤثر عالمی دباؤ دیکھنے میں نہیں آیا جبکہ اس سے بھی زیادہ تشویشناک بھارت کا کردار ہے۔ پاکستان متعدد مواقع پر ایسے شواہد عالمی برادری کے سامنے رکھ چکا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی اور تخریب کاری کی سرپرستی میں ملوث ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں گرفتار ہونے والے دہشت گردوں کے اعترافی بیانات، بھارتی خفیہ ایجنسیوں کی سرگرمیوں اور مالی معاونت کے مختلف شواہد اس حقیقت کو مزید اجاگر کرتے ہیں کہ پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی جنگ بدستور جاری ہے چنانچہ اگر افغانستان کی سرزمین اور بھارت کی معاونت دہشت گردوں کو بھرپور طریقے سے حاصل رہے گی تو خطے میں پائیدار امن کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس E/35 چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

ہیڈ آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

بلیو پاسپورٹ، اشرافیہ کا نیا دکھ

ان کہی — نسیم شاہد — nasimshahid7@hotmail.com

اک عمر گزر گئی، لکھتے دیکھتے، سنتے، مگر کبھی یہ دیکھنے کو نہیں ملا کہ سیاست کی گنگا میں ہاتھ دھونے والوں نے کبھی اپنے ووٹرز یا عوام کو اپنی ترجیح کا مرکز بنایا ہو۔ سب کچھ اپنے لئے مانگنے اور سوچنے والے عوامی نمائندے تو نہیں ہو سکتے۔ مراعات اپنے لئے، تنخواہوں میں چھ سو گنا اضافہ اپنی خاطر، تاحیات سہولتیں اپنی آل اولاد کے لئے بجلی، گیس، پٹرول، موبائل سب مفت، یہ کیسے لوگ ہیں جنہیں اتنی بھی شرم نہیں آتی، جتنی خواجہ آصف نے اسمبلی میں کھڑے ہو کر یاد دلائی تھی۔ اب اس نمائندہ ایلیٹ کلاس کا ایک اور سیاپا شروع ہو گیا ہے۔ ہر کوئی بلیو پاسپورٹ مانگ رہا ہے، اپنے لئے نہیں بلکہ اپنی فیملی کے لئے بھی۔ موجودہ نمائندوں کے لئے ہی نہیں ریٹائر ہو جانے والوں کے لئے بھی۔ جب سے دوڑ لگی ہے میں سوچ رہا ہوں جس طرح ہماری حرکتوں کی وجہ سے گرین پاسپورٹ دنیا میں آخری نمبروں پر ہے اسی طرح اس بلیو پاسپورٹ کی بھی درگت بن جاتی ہے جب اس پاسپورٹ کے حامل افراد بیرون ملک جا کے گل کھلائیں گے تو بلیو پاسپورٹ بھی ایک تماشا بن جائے گا۔ پہلے سنتے تھے کہ بلیو پاسپورٹ اعلیٰ سطح کے حکومتی عہدیداروں اور بڑی عدالتوں کے ججوں کو ملتا ہے۔ بیوروکریسی بھی سیکرٹری کی سطح کے افسروں کے لئے بلیو پاسپورٹ لے اڑتی تھی، بہت کڑا معیار اور نگرانی تھی، جس کے بعد یہ پاسپورٹ جاری ہوتا تھا۔ اب یہ حال ہے کہ ایک اندازے کے مطابق ہزاروں بلیو پاسپورٹ جاری کئے جا چکے ہیں اور جواب ریلا آنے لگا ہے اس کے بعد غیر ملکی سفارت خانوں نے یہ ضرور سوچنا ہے کہ انہیں وہ استثنا دیا جائے یا نہیں کیونکہ انہی لوگوں نے ایسی کئی حرکتیں کرنی ہیں جو سفارتی حوالے سے بے ضابطگی کے زمرے میں آتی ہیں۔ بلوچستان کے ایک صوبائی وزیر کے بیٹے نے تو بلیو پاسپورٹ پر یورپی ملک جا کے وہاں سیاسی پناہ کی درخواست بھی دے دی ہے۔

میرے نزدیک یہ اس ذہنیت کی وجہ سے ہے جو ہمیشہ سے ہماری سیاسی قیادت اور نمائندگان نے پاکستانی عوام کے خلاف اپنائی ہوئی ہے۔ عام پاکستانی کو ہر معاملے میں اپنے سے کمتر سمجھنا اور اپنے وی وی آئی پی کلچر کو برقرار رکھنا یا عام پاکستانیوں اور ان کے درمیان ایک فاصلہ موجود رہے، ان کے لئے سڑکیں علیحدہ چاہئیں، کوئی ان کی گاڑی کے آگے گاڑی چلانے کی غلطی کر بیٹھے تو ان کے گارڈز گاڑی والے کو گھیر کے وہ سبق سکھاتے ہیں، جس کے بعد وہ ساری زندگی ویگو ڈالے والوں سے ڈر ڈر کے گزارتا ہے۔ ایک نئی گھٹیا روایت یہ شروع ہو گئی ہے کہ پہلے بات رکن اسمبلی کی موت تک رہتی تھی۔ اب یہ نئی واردات ڈالی گئی ہے کہ تاحیات کا راستہ نکال لیا گیا مراعات جب ریٹائرمنٹ کے بعد بھی جاری رہیں تو وہ تاحیات ہی کہلاتی ہیں، اس معاملے میں سارے اختلافات اور امتیازات ختم ہو جاتے ہیں۔ مراعات کے دربار میں سبھی ایک ہو جاتے ہیں۔ اپوزیشن کا انکار رہتا ہے اور نہ برسراقتدار لوگوں کو عوام سے کوئی شرم آتی ہے جن لوگوں کے ووٹ سے منتخب ہو کر آتے ہیں ان کی سب سے پہلی کوشش یہی ہوتی ہے ان سے دوری اختیار کی جائے۔ آج یہ منظر بھی دیکھنے کو مل رہے ہیں کہ پولیس کے اعلیٰ افسروں کی طرف سے سلیوٹ نہ مارنے پر تحریک استحقاق پیش کی جاتی ہے اسے کمیٹی میں بلا کے ذلیل کیا جاتا ہے۔ ان لوگوں نے کبھی عوام کے ساتھ ان کے سلوک پر تحریک استحقاق پیش نہیں کی، ان کے ساتھ وہ جو چاہے کرتے رہیں انہیں رتی بھر فرق نہیں پڑتا۔ ہاں ان کی انا کے مطابق افسران کا سواگت نہ کرے تو ان کے پاؤں میں گویا کیل چبھ جاتا ہے۔ ٹریفک وارڈن ان کی گاڑی کی خلاف ورزی پر روکنے کی جرائت کر بیٹھے تو اس اور اس کے افسر کی خیر نہیں، ان کے حلقے میں عوام کے ساتھ یہ وارڈن جو مرضی کرتے رہیں انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ بل گیٹس قطار میں لگ کے اپنے لئے برگر لے سکتا ہے جو دنیا کا امیر ترین شخص ہے لیکن یہاں گاڑی سے اترے بغیر کوئی دکاندار انہیں شے نہ دے تو بندے بھیج کے اس کی طبیعت صاف کرانا ان کا جنون بن جاتا ہے، پنجاب کے پنشنرز دہائیاں دیتے رہ گئے کہ صوبے میں پنشنرز کی پنشن میں کم از کم مرکزی حکومت جتنا اضافہ تو ضرور کیا جائے کیونکہ پنجاب کے سابق ملازمین سوتیلے نہیں ہیں۔ مجال ہے ارکان اسمبلی نے اس ضمن میں اسمبلی کے اندر کوئی آواز اٹھائی ہو، کوئی قرارداد پیش کی ہو، ہاں اگر ان کی اپنی تنخواہیں اور مراعات نہ بڑھائی گئی ہوتیں تو انہوں نے آسمان سر پر اٹھا لینا تھا۔

اب اس مخلوق کو جس کا تو اب انتخاب بھی مشکوک ہو چکا ہے، بلیو پاسپورٹ اس لئے چاہیے کہ وہ عوام کی طرح گرین پاسپورٹ پر سفر نہیں کرنا چاہتے۔ وہ چاہتے ہیں جب کسی ملک میں جا کے اتریں تو امیگریشن عملے کو پتہ چلے یہ کوئی عام پاکستانی نہیں بلکہ وی آئی پی پاکستانی ہے۔ بلیو پاسپورٹ فیملی کو کیسے دیا جا سکتا ہے وہ تو سرکاری استحقاق نہیں رکھتے۔ فیملی کا کوئی فرد اگر کسی منفی سرگرمی میں ملوث ہو کر پکڑا جاتا ہے تو اس کا پاکستان کے امیج اور بلیو پاسپورٹ پر کیا اثر پڑے گا؟ ہونا تو یہ چاہیے کہ حکومت نامور ادیبوں، شاعروں، بڑے صحافیوں، صنعت کاروں، سماجی ورکروں، طب اور تعلیم کے شعبوں میں اعلیٰ ترین خدمات سرانجام دینے والوں کو بلیو پاسپورٹ کا حقدار قرار دے مگر ایسا کبھی نہیں ہوگا، کیونکہ مقابل وہ لوگ ہیں جن کے نزدیک ایسے لوگوں اور ایسی خوبیوں کی کوئی حیثیت نہیں۔

دہشت گرد تنظیموں کے گٹھ جوڑ اور اُن کے ٹھکانوں کی بیخ کنی ناگزیر

ملکہ کوہسار — امتیاز احمد عباسی — Sheharnama@gmail.com



وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کوئٹہ میں صوبائی اپیکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے فتنے میں پاکستان کے مشرقی ہمسایہ ملک کا بھرپور کردار ہے جو دہشت گردوں کو اسلحہ، مالی معاونت اور دیگر سہولیات فراہم کر رہا ہے، فغانستان کی سرزمین استعمال کرتے ہوئے دہشت گرد خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں حملے کرتے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ اِس فساد میں کچھ اور بیرونی ہاتھ بھی ملوث ہیں تاہم وہ ابھی اُن کا نام نہیں لینا چاہتے، دشمن پاکستان کی سفارتی اور گزشتہ برس معرکہ حق میں حاصل ہونے والی کامیابیوں سے خائف ہو کر ایسی گھناؤنی حرکات کا مرتکب ہو رہا ہے۔ اُن کا دوٹوک انداز میں کہنا تھا کہ ریاست اِن عناصر کے مذموم عزائم کو ہر صورت ناکام بنائے گی، آخری فسادی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں میں بلوچستان میں دہشت گردی کے انتہائی افسوسناک واقعات پیش آئے جن میں پولیس اہلکار، سکیورٹی فورسز کے جوان اور بے گناہ شہری شہید ہوئے، سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے 54 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ شہباز شریف نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت مکمل یکسوئی کیساتھ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہے، حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو اَمن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی۔ اُنہوں نے افواجِ پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پوری قوم کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنی بہادر افواج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ اُنہوں نے فرض کی راہ میں عظیم قربانی پیش کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے اُن کے خاندانوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کیا اور شہداء کے درجات بلند کے لیے دستِ دُعا بلند کیے۔

اجلاس میں وزیراعظم کو بلوچستان میں اَمن و امان کی مجموعی صورتحال، حالیہ دہشت گردی کے واقعات، جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنوں، صوبے کے عوام کے تحفظ اور سلامتی کے لیے فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزراء اور مشیروں کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ کوئٹہ میں سیاسی اور عسکری قیادت کی بیٹھک واضح کر رہی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایک صفحے پر ہے۔ چند روز قبل فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) میں سنیئر افسروں سے خطاب کرتے ہوئے دہشت گردی میں میں ملوث عناصر کو بے نقاب کیا تھا اور کہا تھا کہ اِن کارروائیوں کا مقصد ملک کو عدمِ استحکام کی کھائی میں دھکیلنا ہے جس کی کسی طور اجازت نہیں دی جائے گی۔ افواجِ پاکستان کے ہوتے ایسا کیا جانا ممکن نہیں، سیاسی اور عسکری قیادت کے مربوط تعاون کی وجہ ہی سے دہشت گردی کو پنپنے نہیں دیا گیا، یہ آہنی عزم اور یکسوئی کی بدولت ہی ممکن ہوسکتا تھا۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان دشمنوں نے بلوچستان کے امن کو کاری ضرب لگانے کی کوشش کی تاہم وہ ناکام ہوئے اور آئندہ بھی ہوتے رہیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مختلف گروہ مل کر دہشت گردی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، اِس گٹھ جوڑ کی شاہد عالمی رپورٹیں بھی ہیں۔ بلوچستان میں دہشت گردی کے بڑے واقعات کے بعد پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے پریس بریفنگ میں بلوچستان کے اَمن اور امان کی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا تھا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج پاکستان کے اندرونی استحکام میں رخنہ ڈالنے کے لیے سرگرداں ہیں۔ اُنہوں نے بھی دُشمن کو واضح پیغام دیا تھا کہ اُن پر زمین تنگ کر دی جائے گی۔

اقوامِ متحدہ کی سکیورٹی کونسل میں گزشتہ ماہ جمع کرائی گئی ایک رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کو افغانستان کی طرف سے پانچ ہزار 300 سے زائد دہشت گردانہ حملوں کا سامنا کرنا پڑا جبکہ گلوبل ٹیررازم رپورٹ 2025ء میں لکھا گیا تھا کہ پاکستان میں دہشت گردی کا گراف گزشتہ چھ سالوں کے دوران اوپر گیا۔ پاکستان نے 2025ء میں کم و بیش ہر دہشت گرد حملے میں افغانیوں کے براہِ راست اور بلواسطہ ملوث ہونے کی وجہ سے پاک افغان بارڈر کو بند کر دیا۔ تجارتی سرگرمیاں بھی معطل ہو کر رہ گئیں، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنوں میں تیزی لائی گئی، روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں آپریشن کیے گئے جس کی وجہ سے رواں سال کے ابتدائی دو ماہ کے بعد یعنی مارچ سے وارداتوں میں کمی آنا شروع ہوئی تاہم گزشتہ چند روز میں بلوچستان میں دہشت گردی کی بڑی کارروائیاں ضرور ہوئیں۔ اِس سے قبل کراچی میں دہشت گردی کی کوشش کی گئی تھی جسے ناکام بنا دیا گیا، ایک زخمی افغانی دہشت گرد پکڑا گیا جس کے انکشافات کے بعد دہشت گردی کی تربیت کرنے والے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جمعرات کو بھی بلوچستان میں آپریشن جاری رکھے جن میں مزید درجنوں دہشت گرد ہلاک کیے گئے۔ دہشت گرد تنظیموں کے گٹھ جوڑ اور اُن کے ٹھکانوں کی بیخ کنی ناگزیر ہے۔

جوانوں کو مری آہِ سحر دے

تحریر: مریم سحر

نوجوان نسل، امید اور بیداری کا پیغام

قوموں کی تاریخ میں ایسے ادوار بارہا آتے ہیں جب مایوسی، بے یقینی اور انتشار کے سائے گہرے ہونے لگتے ہیں۔ ایسے وقت میں قوموں کی نظریں اپنے نوجوانوں پر جا ٹھہرتی ہیں، کیونکہ نوجوان ہی وہ قوت ہوتے ہیں جو خواب بھی دیکھتے ہیں اور ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا حوصلہ بھی رکھتے ہیں۔ شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال نے اسی حقیقت کو محسوس کرتے ہوئے دعا کی تھی

"جوانوں کو مری آہِ سحر دے"

یہ صرف ایک شعری مصرع نہیں بلکہ ایک مکمل فکری اور روحانی پیغام ہے۔ اقبال کی "آہِ سحر" دراصل وہ درد، وہ بیداری، وہ فکر اور وہ عشق ہے جو انسان کو خوابِ غفلت سے جگا دیتا ہے۔ اقبال چاہتے تھے کہ نوجوان صرف ڈگریاں حاصل کرنے والے افراد نہ ہوں بلکہ وہ اپنی قوم، اپنی تہذیب اور اپنے مستقبل کے حقیقی معمار بنیں۔

آج جب ہم اپنے معاشرے پر نظر ڈالتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ یہ پیغام پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکا ہے۔ ہمارے نوجوان بے شمار صلاحیتوں کے باوجود فکری انتشار، معاشی مشکلات، بے روزگاری، اخلاقی زوال اور مایوسی جیسے مسائل کا شکار ہیں۔ ایسے میں اقبال کی "آہِ سحر" ایک روشنی، ایک امید اور ایک نئی فکر کی دعوت بن کر سامنے آتی ہے۔

نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ

دنیا کی ترقی یافتہ قوموں کی تاریخ گواہ ہے کہ جن ممالک نے اپنے نوجوانوں کو تعلیم، شعور اور مواقع فراہم کیے، وہی دنیا میں آگے بڑھ سکے۔ نوجوان صرف آبادی کا حصہ نہیں ہوتے بلکہ وہ قوم کی توانائی، تخلیقی قوت اور مستقبل کا عنوان ہوتے ہیں۔

پاکستان دنیا کے ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں نوجوانوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ یہ نوجوان اگر مثبت سوچ، جدید تعلیم، اخلاقی تربیت اور قومی شعور سے آراستہ ہوں تو پاکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر یہی نوجوان مایوسی، بے راہ روی یا بے مقصدیت کا شکار ہو جائیں تو یہی قوت قوم کے لیے بوجھ بن جاتی ہے۔

آج کا نوجوان جدید ٹیکنالوجی سے جڑا ہوا ہے۔ اس کے ہاتھ میں موبائل فون ہے، دنیا اس کی انگلیوں پر موجود ہے، مگر اس کے باوجود وہ ذہنی سکون، واضح سمت اور عملی رہنمائی سے محروم دکھائی دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال کا پیغام آج بھی زندہ اور ضروری محسوس ہوتا ہے۔

اقبال کی "آہِ سحر" کیا ہے؟

"آہِ سحر" سے مراد صرف صبح کے وقت کی دعا نہیں بلکہ وہ روحانی کیفیت ہے جو انسان کے اندر انقلاب پیدا کرتی ہے۔ اقبال کے نزدیک وہ نوجوان کامیاب ہے جو

اپنی ذات کو پہچانے
مقصدِ حیات سے آگاہ ہو
محنت اور جدوجہد کو اپنا شعار بنائے
اپنی قوم کے لیے درد رکھے
مایوسی کے بجائے امید کا راستہ اختیار کرے

اقبال نے نوجوانوں کو شاہین سے تشبیہ دی۔ شاہین بلند پرواز، خوددار، غیرت مند اور آزاد ہوتا ہے۔ وہ مردار پر نہیں جیتا بلکہ اپنی محنت سے رزق تلاش کرتا ہے۔ اقبال چاہتے تھے کہ مسلمان نوجوان بھی اسی شاہینی صفات کو اپنائیں۔

بدقسمتی سے آج کا نوجوان سوشل میڈیا کی چمک دمک، مصنوعی کامیابیوں اور وقتی شہرت کے پیچھے دوڑتا دکھائی دیتا ہے۔ اس کی توجہ علم، تحقیق اور کردار سازی سے ہٹتی جا رہی ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے جہاں اقبال کی آواز دوبارہ سنائی دیتی ہے کہ نوجوانوں کو روحانی بیداری، فکری گہرائی اور بلند حوصلگی کی ضرورت ہے۔

تعلیم اور شعور کی اہمیت

کسی بھی معاشرے کی ترقی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں۔ مگر تعلیم صرف کتابی معلومات کا نام نہیں بلکہ انسان کی شخصیت سازی کا عمل بھی ہے۔ ہمارے تعلیمی ادارے اگر صرف امتحانات اور نمبروں تک محدود رہیں گے تو وہ ایسے نوجوان پیدا نہیں کر سکیں گے جو قوم کی قیادت کر سکیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوانوں میں تنقیدی سوچ، تحقیق کا شوق، اخلاقی اقدار اور قومی ذمہ داری کا احساس پیدا کیا جائے۔ آج دنیا مصنوعی ذہانت، سائنس، ٹیکنالوجی اور تحقیق کے میدان میں تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ اگر ہمارے نوجوان جدید علوم سے خود کو آراستہ نہیں کریں گے تو ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائیں گے۔

پاکستان کے کئی نوجوان دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ کوئی آئی ٹی کے میدان میں کامیاب ہے، کوئی کھیلوں میں ملک کا نام روشن کر رہا ہے، کوئی تحقیق اور سائنس میں نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے نوجوانوں میں صلاحیت کی کمی نہیں، ضرورت صرف رہنمائی اور مواقع کی ہے۔

سوشل میڈیا اور نوجوان نسل

سوشل میڈیا جدید دور کی ایک طاقتور حقیقت ہے۔ اس نے معلومات تک رسائی آسان بنا دی ہے، مگر اس کے منفی اثرات بھی واضح ہیں۔ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد اپنا قیمتی وقت بے مقصد سرگرمیوں میں ضائع کر رہی ہے۔ دوسروں کی مصنوعی زندگیوں کو دیکھ کر احساسِ کمتری میں مبتلا ہونا، فوری شہرت کی خواہش اور غیر ضروری بحث و مباحثہ نوجوانوں کی ذہنی صحت کو متاثر کر رہا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوان سوشل میڈیا کو علم، تحقیق، کاروبار اور مثبت سرگرمیوں کے لیے استعمال کریں۔ اگر یہی پلیٹ فارم تعلیم، شعور اور قومی تعمیر کے لیے استعمال ہو تو یہ ایک انقلاب لا سکتا ہے۔

والدین اور اساتذہ کو بھی چاہیے کہ وہ نوجوانوں کو محض تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے ان کی رہنمائی کریں۔ نوجوان نسل کو اعتماد، محبت اور بہتر ماحول کی ضرورت ہوتی ہے۔

بے روزگاری اور مایوسی

آج کا سب سے بڑا مسئلہ نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری ہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے باوجود مناسب روزگار نہ ملنا نوجوانوں کو ذہنی دباؤ اور مایوسی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ کئی نوجوان بیرونِ ملک جانے کو ہی کامیابی سمجھتے ہیں، کیونکہ انہیں اپنے ملک میں مواقع کم دکھائی دیتے ہیں۔

یہ صورتِ حال صرف حکومت کے لیے نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ نوجوانوں کو ہنر، کاروباری تربیت اور جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر نوجوانوں کو چھوٹے کاروبار، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور فنی تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف اپنے لیے بلکہ دوسروں کے لیے بھی روزگار پیدا کر سکتے ہیں۔

دنیا کے کئی ممالک نے نوجوانوں کی طاقت کو استعمال کرتے ہوئے معاشی انقلاب برپا کیا۔ پاکستان بھی ایسا کر سکتا ہے، بشرطیکہ ہم نوجوانوں پر اعتماد کریں اور انہیں آگے بڑھنے کا موقع دیں۔

کردار سازی کی ضرورت

صرف تعلیم اور ہنر کافی نہیں، بلکہ کردار بھی کامیابی کی بنیاد ہوتا ہے۔ امانت، دیانت، سچائی، برداشت اور محنت وہ صفات ہیں جو کسی بھی قوم کو عظمت عطا کرتی ہیں۔ افسوس کہ ہمارے معاشرے میں مادیت پرستی بڑھتی جا رہی ہے اور اخلاقی اقدار کمزور پڑتی دکھائی دیتی ہیں۔ اقبال نے نوجوانوں کو خودی کا درس دیا تھا۔ خودی کا مطلب غرور نہیں بلکہ اپنی اصل پہچان، اپنی صلاحیت اور اپنے وقار کو جاننا ہے۔ جب نوجوان اپنی خودی کو پہچان لیتا ہے تو وہ مشکلات سے گھبراتا نہیں بلکہ ان کا مقابلہ کرتا ہے۔

ہمارے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی زندگی میں نظم و ضبط، دیانت داری اور خدمتِ خلق کو شامل کریں۔ یہی وہ صفات ہیں جو انسان کو حقیقی معنوں میں کامیاب بناتی ہیں۔

امید کا چراغ

اگرچہ مسائل بے شمار ہیں، لیکن امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے۔ پاکستان کے نوجوان باصلاحیت، محنتی اور ذہین ہیں۔ ضرورت صرف (جاری ہے ---)

SHEHAR NAMA شہر نامہ

فن و ثقافت

آئمہ بیگ اور بلال سعید کی ویڈیو پر ناقدین کی سخت تنقید

لندن (پی این پی) پاکستان کے معروف گلوکار بلال سعید نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو کے بعد ہونے والی تنقید پر ردعمل دیتے ہوئے ناقدین کو واضح جواب دیا ہے۔ ان دنوں بلال سعید اور گلوکارہ آئمہ بیگ لندن میں اپنے نئے میوزک پروجیکٹ کی شوٹنگ میں مصروف ہیں جہاں دونوں کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے گردش کر رہی ہے۔ ویڈیو میں دونوں فنکاروں کو لندن کی سڑکوں پر مداحوں کے ساتھ تصاویر بنواتے اور سیلفیاں لیتے دیکھا جا سکتا ہے۔ تاہم، سوشل میڈیا پر بعض صارفین نے آئمہ بیگ کے لباس پر تنقید کی جبکہ کچھ افراد نے دعویٰ کیا کہ دونوں فنکار مبینہ طور پر نشے کی حالت میں تھے۔ ان قیاس آرائیوں پر بلال سعید نے ایک ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ وائرل کلپ شوٹنگ کے دوران بنایا گیا تھا اور ان کے ہاتھوں میں کافی کے کپ تھے، نہ کہ کوئی نشہ آور مشروب تھے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر اردگرد موجود کچھ لوگ شراب پی رہے ہوں تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں موجود ہر شخص پی رہا ہے؟ بلال سعید نے مزید کہا کہ وہ برسوں سے اپنے فن کے ذریعے پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے ناقدین سے اپیل کی کہ بغیر حقائق جانے کسی کے بارے میں رائے قائم کرنے سے گریز کریں۔

اقراء کنول، اریب کی عبوری ضمانتوں پر فیصلہ محفوظ

لاہور: (پی این پی) سیشن کورٹ لاہور نے آن لائن جوا ایپ کی پروموشن کے مقدمے میں ٹک ٹاکر اقراء کنول اور اریب کی عبوری ضمانت پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت علی صدیقی نے عبوری ضمانت پر سماعت کی، ملزمان کی جانب سے ایڈووکیٹ محمد سلیم نے دلائل پیش کیے۔ ملزمان نے عدالت میں پیش ہو کر اپنی حاضری مکمل کروائی۔ عدالت نے وکلا کے دلائل سننے کے بعد ملزمان کی عبوری ضمانتوں پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ این سی سی آئی اے نے ملزمان کی خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

میرا نشانہ کبھی نہیں چوکتا، گووندا کی اہلیہ کا مبہم بیان

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اسٹار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے رئیلٹی شو 'لاک اپ: سچ یا سزا' کے پریمیئر کے دوران ایک مبہم اور سنسنی خیز بیان دے کر میڈیا میں ہلچل مچا دی۔ سنیتا نے گووندا کو گولی لگنے کے واقعے کو زندگی میں کسی 'تیسری شخصیت' کی آمد سے جوڑتے ہوئے کہا کہ 'میرا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔' شو کے میزبانوں فرح خان اور ریتیش دیش مکھ نے جب سنیتا کے ایک پرانے اخباری بیان 'مجھے گوندا جیسا بیٹا چاہیے، شوہر نہیں' پر سوال کیا، تو سنیتا نے جواب دیا، 'محبت میں انسان کو ہر چیز برداشت کرنی پڑتی ہے۔ چی چی (گووندا) نے زندگی میں اتنے معاشقے کیے، چلو ہیرو ہیروئنوں میں تو یہ سب ہوتا ہی ہے۔ لیکن اتنے سال جو میں نے چی چی کا ساتھ نبھایا ہے، اس کے بعد مجھے لگتا ہے کہ میرا بیٹا ان جیسا ہونا چاہیے۔' گولی لگنے کے واقعے پر مبہم تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 'چی چی اگر سن رہے ہو تو سن لو بھیا، گھٹنوں پر گولی تبھی لگتی ہے جب زندگی میں کوئی (دوسری عورت) آ جاتی ہے۔ میں جھوٹ نہیں بول رہی، میں سچ کہہ رہی ہوں۔ جب یہ ہوا تو میں ممبئی میں نہیں تھی، ورنہ بہت سے لوگوں نے کہا کہ گولی میں نے ماری ہے۔ ویسے میرا نشانہ کبھی چوکتا نہیں۔' واضح رہے کہ گووندا اور سنیتا کی شادی 1987 میں ہوئی تھی، جسے انہوں نے دو سال تک خفیہ رکھا تھا۔

فضا علی کی ویڈیو پر یاسر نواز اور دانش نواز کا مذاق، ویڈیو وائرل

کراچی: (پی این پی) اداکار اور ہدایت کار یاسر نواز اور ان کے بھائی دانش نواز نے اداکارہ فضا علی اور ان کے شوہر اعجاز خان کی وائرل رومانوی ویڈیو کو منفرد مزاحیہ انداز میں ری کریئیٹ کر کے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی۔ فضا علی ان دنوں اپنے شوہر اعجاز خان کے ساتھ بنائی گئی رومانوی ویڈیوز کی وجہ سے اکثر سوشل میڈیا پر زیرِ بحث رہتی ہیں، دونوں باغات اور تفریحی مقامات پر رومانوی گانوں پر لپ سنگ اور دلکش انداز میں ویڈیوز شیئر کرتے ہیں۔ حال ہی میں شیئر کی گئی ایک ویڈیو میں فضا علی اپنے شوہر اعجاز خان کے کندھے پر سر رکھتی ہیں، جبکہ اعجاز انہیں اپنی پیٹھ پر اٹھائے پارک میں گھومتے دکھائی دیتے ہیں، یہ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد یاسر نواز اور دانش نواز نے اسی منظر کو مزاحیہ انداز میں دوبارہ پیش کیا۔ دونوں بھائیوں نے ویڈیو کے ہر منظر کی دلچسپ نقل اتاری اور اپنی شاندار اداکاری سے مداحوں کو خوب محظوظ کیا، ان کی یہ پیروڈی سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے بھی ویڈیو پر دلچسپ تبصرے کیے، ایک صارف نے لکھا اب پتا چلا کہ آخر میں کیا ہوا تھا، جبکہ دوسرے صارف نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ اس ویڈیو کی تیاری کے دوران فضا علی یا اعجاز خان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا

نورا فتیحی کا فٹبال شائقین کے لیے نیا گانا چیمپئنز ریلیز کر دیا گیا

میکسیکو (شوبز ڈیسک) اداکارہ، گلوکارہ اور ڈانسر نورا فتیحی نے فٹبال کے مداحوں کے لیے اپنا نیا گانا "دی وکٹری اینتھم: چیمپئنز" جاری کر دیا ہے، جس میں کھیل کے جوش، جذبے اور کامیابی کے لمحات کو موسیقی کے انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ نورا فتیحی نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ کے ذریعے نئے گانے کی ریلیز کا اعلان کیا، جس کے بعد گانے کی میوزک ویڈیو بھی مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ ویڈیو میں نورا فتیحی فٹبال جرسی پہنے شائقین کے درمیان پُرجوش انداز میں رقص کرتی دکھائی دیتی ہیں، جبکہ اس میں فٹبال کے جنون اور کھیل کے ماحول کو نمایاں کیا گیا ہے۔ گانے کی ریلیز کے بعد مداحوں اور شوبز شخصیات کی جانب سے نورا فتیحی کی نئی پیشکش کو خوب سراہا جا رہا ہے۔ صارفین نے اسے فٹبال کے شائقین کے لیے ایک توانائی سے بھرپور تحفہ قرار دیتے ہوئے گلوکارہ کے انداز کی تعریف کی ہے۔ چیمپئنز کی ریلیز ایسے وقت میں ہوئی ہے جب نورا فتیحی کو ورلڈ کپ کی افتتاحی تقریب میں بنگلا دیشی نژاد امریکی موسیقار، ڈی جے اور پروڈیوسر سنجوئے دیب کے ساتھ پیش کیے گئے آفیشل گانے 'دیسئر سیئر' کے بعد عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی تھی۔ نورا فتیحی اور سنجوئے دیب نے ایک بار پھر مشترکہ طور پر اس نئے ترانے کے ذریعے موسیقی کے میدان میں اپنی شراکت جاری رکھی ہے۔ دونوں فنکاروں کی جوڑی کو پہلے بھی عالمی سطح کے میوزک پراجیکٹس میں پسند کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ نورا فتیحی فٹبال سے خصوصی دلچسپی رکھتی ہیں اور ماضی میں بھی فٹبال ورلڈ کپ کے دوران اپنے آبائی ملک مراکش کی بھرپور حمایت کرتی رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 1

ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے درمیان دوطرفہ دوستی، امن، انصاف اور تاریخی حقائق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب میں پاکستان کے وزیر مملکت برائے قانون و انصاف اور رکنِ قومی اسمبلی بیرسٹر عقیل ملک، پاکستان میں بوسنیا و ہرزیگووینا کے سفیر ایمین چوہودار یوچ، سینیٹر فیصل سلیم، ڈائریکٹر جنرل (یورپ)، وزارتِ خارجہ، شہباز کھوکھر، مختلف ممالک کے سفارت کاروں، ممتاز کاروباری شخصیات، صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے وزیرِ مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے سربرینیتسا نسل کشی کے متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 1995ء کا سانحہ پوری انسانیت کے ضمیر پر ایک ایسا زخم ہے جو وقت گزرنے کے باوجود مندمل نہیں ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بوسنیا و ہرزیگووینا کے عوام کے دکھ اور قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گا اور امن، انصاف، برداشت، انسانی حقوق اور بین الاقوامی قانون کی بالادستی کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ نسل کشی جیسے جرائم اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ عالمی برادری نفرت، انتہاپسندی، مذہبی تعصب اور نسلی امتیاز کے خلاف متحد ہو کر مؤثر اقدامات کرے تاکہ مستقبل میں کسی بھی خطے میں ایسے المناک سانحات دوبارہ رونما نہ ہوں۔ اس موقع پر پاکستان میں بوسنیا و ہرزیگووینا کے سفیر ایمین چوہودار یوچ نے اپنے خطاب میں سربرینیتسا نسل کشی کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جولائی 1995ء میں آٹھ ہزار سے زائد بوسنیائی مسلمان مردوں اور کم عمر لڑکوں کو منظم انداز میں قتل کیا گیا، جسے بین الاقوامی عدالتیں نسل کشی قرار دے چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سربرینیتسا صرف بوسنیا کا دکھ نہیں بلکہ پوری انسانیت کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ایسے جرائم کو کبھی فراموش نہ کیا جائے۔ انہوں نے پاکستان کی حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بوسنیا کے عوام جنگ کے مشکل ترین دور میں پاکستان کی انسانی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے مئی 2024ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں 11 جولائی کو سربرینیتسا نسل کشی کی یاد میں بین الاقوامی دن قرار دینے کی قرارداد کی منظوری میں پاکستان کے فعال کردار کو بھی سراہا۔ تقریب کے دوران مقررین نے کہا کہ سربرینیتسا نسل کشی دوسری جنگِ عظیم کے بعد یورپ میں پیش آنے والا بدترین اجتماعی قتل تھا، جس میں آٹھ ہزار سے زائد بوسنیائی مسلمان مردوں اور لڑکوں کو صرف ان کی مذہبی اور نسلی شناخت کی بنیاد پر قتل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے باوجود سربرینیتسا کے شہریوں کو وہ تحفظ فراہم نہ کیا جا سکا جس کی انہیں امید تھی، جبکہ بعدازاں بین الاقوامی فوجداری ٹریبونل برائے سابق یوگوسلاویہ (ICTY) اور بین الاقوامی عدالتِ انصاف (ICJ) نے اپنے فیصلوں میں اس سانحے کو باقاعدہ نسل کشی قرار دیا۔ تقریب کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عالمی امن، انصاف، رواداری، مذہبی ہم آہنگی اور انسانی وقار کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، جبکہ نسل کشی کے متاثرین کی یاد کو زندہ رکھنا اور آئندہ نسلوں تک تاریخی حقائق پہنچانا پوری عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ تقریب کے اختتام پر سربرینیتسا نسل کشی کے شہداء کے ایصالِ ثواب، عالمی امن، انصاف اور بین الاقوامی ہم آہنگی کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ شرکاء نے متاثرین کے اہلِ خانہ سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نفرت، نسل پرستی اور مذہبی تعصب کے خلاف آواز بلند کرنا ہی شہداء کو حقیقی خراجِ عقیدت ہے۔

بقیہ نمبر 2

الدین احمد وائی نے ایونٹ میں اچھی پرفارمنس کیلئے کھلاڑیوں کے ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ میچز کا مکمل شیڈول 13 جولائی 2026: پاکستان بمقابلہ ہانگ کانگ چائنا 14 جولائی 2026: پاکستان بمقابلہ قازقستان 16 جولائی 2026: پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش 17 جولائی 2026: پاکستان بمقابلہ ازبکستان کھیلا جائے گا پاکستان ہاکی فیڈریشن کے ترجمان نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ قومی کھلاڑی ایونٹ میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے ملک کا نام روشن کریں گی۔ واضح رہے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام گزشتہ ہفتے ملک بھر سے 16 ٹیموں نے پرائم منسٹر نیشنل جونیئر ویمنز ہاکی چیمپئن شپ اسلام آباد میں اپنے جوہر دکھائے۔ جس کے بعد ٹیم منتخب کر کے مسقط روانہ کی گئی۔ امید ہے جونیئر کھلاڑی بھرپور پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گی

بقیہ نمبر 3

مشورہ دیا تھا جبکہ صدر پی ٹی آئی آزاد کشمیر قیوم نیازی کا موقف ہے کہ موجودہ صورتحال غیر جانبدار اور پرامن انتخابات کے لیے موزوں نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 4

قبرستان ہرنو، ٹھنڈا پانی، اسلام آباد میں ہزاروں اشک بار آنکھوں کی موجودگی میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی، تعلیمی، کاروباری اور عوامی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ جنازے کے موقع پر ہر مکتبۂ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد موجود تھی، جنہوں نے مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اہلِ خانہ سے تعزیت کی اور مرحوم کے لیے مغفرت و بلندیٔ درجات کی دعائیں کیں۔ نمازِ جنازہ میں سابق و موجودہ عوامی نمائندوں، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سرکاری افسران، ماہرینِ تعلیم، وکلاء، اساتذہ، سماجی کارکنوں، معززینِ علاقہ، کاروباری شخصیات، عزیز و اقارب اور دوست احباب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تدفین کے موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے اور ہر آنکھ اشک بار دکھائی دی۔ شرکاء نے مرحوم جواد احمد اقبال ہاشمی کی شرافت، خوش اخلاقی، ملنساری اور اعلیٰ اخلاقی اوصاف کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک نفیس، باوقار اور بااخلاق شخصیت کے مالک تھے، جنہوں نے اپنی نجی اور سماجی زندگی میں محبت، خلوص اور حسنِ اخلاق کو ہمیشہ مقدم رکھا۔ ان کی وفات سے نہ صرف خاندان بلکہ دوستوں، عزیزوں اور جاننے والوں کا ایک وسیع حلقہ غمزدہ ہے۔ مرحوم کے انتقال پر مختلف سیاسی، سماجی، تعلیمی اور مذہبی تنظیموں نے بھی گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تعزیتی پیغامات میں کہا گیا کہ جواد احمد اقبال ہاشمی کی وفات ایک ایسا سانحہ ہے جس سے ان کے خاندان اور احباب کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ نمبر 5

موٹر بائیک ریسکیو سروس کے ہمراہ فوری جائے حادثہ پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد دینے کیلئے مزید طبی معائنہ اور علاج کیلئے قریبی ہسپتال فاروق ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 6

خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا، ملزمان کو ٹریس کرنا پولیس کے لیے چیلنج تھا، مندرہ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ گرفتار اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا،

بقیہ نمبر 7

غم اولاد کے دلوں میں تاحیات زندہ رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار قاری عمر حیات نقشبندی نے چوہدری اورنگزیب ہمایوں کے ایصالِ ثواب کیلئے منعقدہ محفل چہلم کے موقع پر ان کی رہائش گاہ دھماں موڑ خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا نیک اولاد والدین کے دنیا سے کوچ کر جانے کے بعد ان کی یاد میں قرآن پاک پڑھ کر اللہ کی بارگاہ میں ان کی بخشش کے لیے دعا کرتی ہے، تاکہ اللہ کریم اپنی پاک کتاب کے صدقے ان کے والدین کی آخرت کی منزلیں آسان فرمائے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا ہدیہ نعت کے بعد قاری عمر حیات نقشبندی نے خطاب کیا اور نعمان چوہدری، فرحان چوہدری اور عدنان چوہدری کے والد گرامی کیلئے دعائے مغفرت بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا فرمائی۔ اس موقع پر سابق ناظم الحاج چوہدری محمد الیاس صدر پریس کلب اڈیالہ ملک نعیم اختر، راجہ افضال حسین فوٹوگرافر حاجی عبدالغفار، وسیم جبار جنجوعہ راجہ عبدالقیوم، سابق کونسلر راجہ افتخار، سید جاوید کاظمی، نائب تحصیلدار چوہدری جہانگیر کے علاوہ معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے چہلم کے موقع پر شرکت فرمائی۔

بقیہ نمبر 8

خطرہ بن چکی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معصوم شہریوں اور سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن عناصر پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوششیں کر رہے ہیں، تاہم قوم کے اتحاد اور سیکیورٹی اداروں کی قربانیوں کے باعث ان کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ راجہ آزاد خان نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مزید عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور پائیدار امن ہی ملک کی مضبوطی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے حالیہ واقعات میں شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے متحد ہے اور پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 9

کر لیا، تفصیلات کے مطابق گوجرخان کے نواحی علاقے چیرو رتیال میں خاندانی رنجش ایک قیمتی زندگی نگل گئی، مبینہ طور پر سگے بھائی نے اپنے ہی بھائی کو گھر کے اندر فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ دلخراش واردات کے وقت مقتول کی اہلیہ اور چار سالہ بیٹی بھی کمرے میں موجود تھیں، جبکہ ملزم واردات کے بعد اسلحہ سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا مقتول محمد شہریار خان کی اہلیہ عائشہ صدیقہ کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں درج ایف آئی آر کے مطابق صبح تقریباً 4 بج کر 45 منٹ پر اہل خانہ سو رہے تھے کہ مبینہ طور پر مقتول کا بھائی سعد حسن 30 بور پستول لے کر کمرے میں داخل ہوا اور محمد شہریار پر سر اور چہرے کو نشانہ بناتے ہوئے متعدد فائر کر دیے، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ مدعیہ نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا ہے کہ چند روز قبل مقتول اور ملزم کے درمیان گھریلو تنازع اور تلخ کلامی ہوئی تھی، جس کی رنجش پر یہ واقعہ پیش آ گیا۔ واقعہ کے بعد ملزم موقع سے فرار ہو گیا جبکہ اہل خانہ مقتول کی نعش تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان لے گئے۔ اطلاع ملتے ہی گوجرخان پولیس، تفتیشی ٹیم اور فرانزک ماہرین موقع پر پہنچ گئے، شواہد اکٹھے کیے گئے اور نعش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کرنے کے لیے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے شروع کر دیے ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، جبکہ قتل کی وجوہات اور دیگر پہلوؤں کی بھی مکمل تفتیش جاری ہے۔ اندوہناک واقعہ پر علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ اہل علاقہ نے ملزم کی فوری گرفتاری اور قرار واقعی سزا کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 10

اللہ سید جواد شہرستانی حفظ اللہ کی جانب سے ظہرانہ دیا گیا۔ وفد کی آمد پر آیت اللہ سید جواد شہرستانی حفظ اللہ اور معزز علمائے کرام نے پرتپاک استقبال کیا اور خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف دینی، علمی اور سماجی امور سمیت امت مسلمہ کو درپیش اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی ہوا۔ ملاقات میں پاکستان اور عالم اسلام کے موجودہ حالات، دینی مراکز کے باہمی روابط، وحدت امت اور مذہبی و سماجی خدمات کے فروغ سے متعلق مختلف امور زیر بحث آئے۔ فریقین نے باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر آیت اللہ ڈاکٹر سید حسین مرتضیٰ نقوی، شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری محمد علی قائد اور دیگر رفقاء بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے

بقیہ نمبر 11

مالیات انجمن تاجران بادشاہ خان، تاجروں نور خان، خیال باز خان، محسن شبیر، فخر زمان، عمران عباسی، شارہ بز عباسی، لقاب عباسی، انعام الحق کے علاوہ کثیر تعداد میں تاجروں، معززین علاقہ، دوستوں اور عزیز و اقارب نے شرکت کی اور مبشر خان کو زندگی کا نیا سفر شروع کرنے پر انہیں مبارک باد پیش کی۔

بقیہ نمبر 12

سے 3 ہزار ملین روپے کی ریکارڈ آمدن حاصل کی جو کہ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 1 ہزار 700 ملین روپے سے زائد ہے یہ شاندار کامیابی ریلوے لاہور ڈویژن کی تاریخ کا ایک منفرد کارنامہ ہے آئی او ڈبلیو ملک محمد اشرف کو تعریفی اسناد اور کیش ایوارڈ دیے جانے کے موقع پر ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر حاجی محمد بھی موجود تھے ملک محمد اشرف نے انعام اور اسناد دیے جانے پر ڈی ایس لاہور انعام اللہ اور ڈی ای این حاجی محمد کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 13

قبرستان میں ادا کر دی گئی جس میں سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، مزدور رہنما صوفی محمود علی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری اسد محمود، محمد سرفراز ملک، سردار نسیم ممتاز، چوہدری واجد گجر، چوہدری ابرار، چوہدری طارق گجر، زاہد حسین بھٹی، پیر قاری عبید احمد عبید نقشبندی، چوہدری انور، وقار خان، ملک عدنان، راجہ غلام مرتضیٰ، خرم عباسی، ملک امل شہزاد، شفیق عباسی، گوہر الٰہی، شاہد گجر، ساجد رشید، امین ارشاد گجر سمیت سیاسی و سماجی شخصیات، اہل علاقہ اور سی ڈی اے کے ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین اور دیگر عہدیداران نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس غم کی گھڑی میں ہم شاہد محمود ستی اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ آخر میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ نمبر 14

مجموعی کارکردگی میں بہتری کے لیے انتظامیہ کی جانب سے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری، شہری حلقوں کی جانب سے خراجِ تحسین، سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اعلیٰ حکام سے مسلسل رابطے میں ہوں، ایم ایس ڈاکٹر عمر مرزا تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمر مرزا کی نگرانی میں ایمرجنسی، مریضوں کی دیکھ بھال، صفائی ستھرائی، نظم و نسق اور دیگر شعبہ جات کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں، گزشتہ روز قتل کے ایک مقدمے میں پوسٹ مارٹم کے عمل کو بروقت اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہسپتال انتظامیہ نے فوری انتظامات کیے، جس سے قانونی کارروائی میں تاخیر سے بچنے میں مدد ملی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مشکل حالات میں بھی ہسپتال انتظامیہ کی ذمہ دارانہ حکمت عملی ادارے پر عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔ ہسپتال میں محدود وسائل اور طبی عملے کی کمی کے باوجود مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ہسپتال کے مختلف شعبوں میں نظم و ضبط، صفائی، مریض دوست ماحول اور طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کا نظام بھی مؤثر بنایا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایم ایس ڈاکٹر عمر مرزا نے بتایا کہ ہسپتال میں سٹاف کی کمی ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے محکمہ صحت کے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ ضروری آسامیوں پر تعیناتیاں جلد ممکن بنائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دستیاب وسائل کو بہترین انداز میں بروئے کار لا کر عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے پوری ٹیم شب و روز محنت کر رہی ہے۔ شہری، سماجی اور عوامی حلقوں نے ڈاکٹر عمر مرزا اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اگر ہسپتال کو مزید طبی عملہ اور مطلوبہ وسائل فراہم کیے جائیں تو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان نہ صرف تحصیل بلکہ گرد و نواح کے ہزاروں مریضوں کے لیے مزید مؤثر اور معیاری طبی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 15

والدین کے حوالے کر دیا۔ بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ آبپارہ اور تھانہ ہمک پولیس ٹیم کو شہری کی جانب سے اطلاع موصول ہوئی کہ ان کے بچے لاپتہ ہو گئے ہیں جن کی فوری تلاش کرنے میں مدد کی جائے۔ شہری کی جانب سے اطلاع موصول ہوتے ہی پولیس نے فوری رپورٹ درج کر کے تمام تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے گمشدہ بچوں کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا۔ بچوں کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور فوری مدد کرنے پر اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 16

سہولیات سے بھی محروم ہیں، گوجرخان شہر پانی کی بوند بوند کو ترس رہا ہے، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ حکمران اپنی عیاشیوں میں مدہوش ہیں۔ عالمی منڈی میں کم ترین سطح پر قیمتیں ہونے کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف دینے سے انکاری ہے اور مافیا کو نوازا جا رہا ہے۔ جماعت اسلامی پرزور مطالبہ کرتی ہے پیٹرول، ڈیزل کی قیمت کو 225 روپے فی لیٹر کیا جائے۔ اگر حکومت عوام کو ریلیف دینے کا اعلان نہیں کرتی تو اگلے مرحلے میں احتجاجی دھرنوں کا اعلان کیا جائے گا۔ عوامی حقوق کی جنگ عوام کے سنگ لڑی جائے گی۔ اس موقع پر تاجر راہنما راجہ سرفراز، شیخ عامر، منیر کھوکھر بھی موجود تھے۔ شرکاء نے مہنگائی کے خلاف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور پرزور نعرے بھی بلند کیے گئے

بقیہ نمبر 17

دیرینہ مسئلہ حل، بجلی کا نظام تھری فیز میں تبدیل۔ لوڈ بڑھانے کیلئے نئی تاریں بھی ڈالی گئیں۔ اب وولٹیج کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او سب ڈویژن اڈیالہ عصمت اللہ خان کی خصوصی کاوش، سے مریڑھ حسن ہیڈکوارٹر کی ٹیم نے جراحی سٹاپ پر بجلی کا نظام تھری فیز میں تبدیل کر دیا" اڈیالہ روڈ جراحی سٹاپ، الفردوس مسجد سے ملحقہ سٹریٹ میں بجلی کے دیرینہ مسئلے کو حل کر دیا گیا۔ ایس ڈی او عصمت اللہ خان کی خصوصی ہدایت اور فوری احکامات پر مریڑھ حسن ہیڈکوارٹر کی تکنیکی ٹیم نے موقع کا وزٹ کیا۔ ٹیم نے علاقے کی بجلی کی فراہمی کو سنگل فیز سے تھری فیز میں تبدیل کیا۔ اس کے ساتھ لوڈ بڑھانے کے لیے نئی تاریں بھی شامل کی گئیں۔ اس کارروائی میں محمد فیاض نے بھی ٹیم کے ساتھ مل کر اہم کردار ادا کیا۔ تھری فیز کی فراہمی سے اب علاقے میں وولٹیج کا مسئلہ حل ہو جائے گا اور بجلی کی فراہمی میں استحکام آئے گا۔ ایس ڈی او عصمت اللہ خان اور مریڑھ حسن ہیڈکوارٹر کی ٹیم کی بروقت کارروائی کو سراہا گیا۔

بقیہ نمبر 18

بنیادی عوامل کا جائزہ لیا گیا۔ نتائج کے مطابق پاکستان میں ڈیجیٹل فراڈ کی شرح دیگر ممالک کے مقابلے میں سب سے زیادہ ریکارڈ کی گئی، جبکہ سائبر کرائم کی روک تھام، ای گورننس اور سیکیورٹی قوانین کے مؤثر نفاذ میں بھی نمایاں کمزوریوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ میں لکسمبرگ، ڈنمارک، فن لینڈ اور ناروے کو آن لائن فراڈ کے خلاف دنیا کے محفوظ ترین ممالک قرار دیا گیا، جبکہ پاکستان کے ساتھ انڈونیشیا، نائیجیریا اور بھارت بھی کم محفوظ ممالک میں شامل ہیں۔ سائبر سیکیورٹی ماہرین کے مطابق مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے بڑھتے ہوئے استعمال سے آن لائن فراڈ کے طریقہ کار کو مزید پیچیدہ اور جدید بنا دیا ہے۔ ماہرین نے حکومت، بینکوں، ٹیکنالوجی کمپنیوں اور عوام کے درمیان مؤثر تعاون بڑھانے، سائبر سیکیورٹی انفراسٹرکچر کو جدید بنانے، قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے اور شہریوں میں ڈیجیٹل آگاہی پیدا کرنے پر زور دیا ہے تاکہ آن لائن مالیاتی فراڈ کے بڑھتے ہوئے خطرات کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے

بقیہ نمبر 19

گئے اس موقع پر ڈیری اینڈ کیٹل فارم ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شاہد عمران گوندل۔ سہلی ڈیم روڈ کے صدر راجہ زاہد دھنیال۔ پی ڈبلیو ڈی سے اسلام آباد فریشمنٹ کا ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی سعید۔ مری روڈ زون ٹو جنرل سیکرٹری چوہدری کامران گجر۔ سینئر صحافی منظور حسین شاہ۔ اور بڑی تعداد میں تاجر برادری نے شرکت کی اس موقع پر تمام دوستوں نے انیس الرحمن عباسی کو نئیں کاروبار اوپن کرنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا کہ اللہ پاک ہمارے بھائی کے رزق میں برکت عطا فرمائے

بقیہ نمبر 20

مارشل (ر) آفتاب حسین کی جانب سے دیے گئے ظہرانے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر سینئر صحافی عقیل انجم، نوید مغل اور علی سمیت دیگر احباب بھی موجود تھے، چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ عوام پہلے ہی غربت کی چکی میں پس رہے ہیں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے اشیاء ضروریہ بہت مہنگی ہو گئی ہیں جس پر حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ایسے میں 13 سے 14 روپے تک پٹرول اور ڈیزل مہنگا کرنے سے مہنگائی کا وہ طوفان آ گیا ہے جس کو روکا نہیں جا سکتا غریب، غریب تر ہو گیا ہے اور اشیاء ضروریہ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوئی ہیں جبکہ ہمارے ہاں تیل کی قیمتیں راتوں رات زیادہ کر دی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پہلے کہا تھا کہ جب عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوں گی تو ہم اس کا ریلیف عام آدمی کو فوری طور پر دیں گے لیکن ایسا نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 21

دنیا کا واحد دارالحکومت ہے جہاں آج تک جدید اور بین الاقوامی معیار کا سلاٹر ہاؤس قائم نہیں کیا جا سکا، جو انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے چیئرمین سی ڈی اے سے مطالبہ کیا کہ وفاقی دارالحکومت میں فوری طور پر جدید اور ماڈرن سلاٹر ہاؤس کے قیام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق معیاری، محفوظ اور حلال گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید سلاٹر ہاؤس کے ساتھ ساتھ اسلام آباد میں ایک سنٹرل ہول سیل میٹ مارکیٹ کا قیام بھی ناگزیر ہے، جبکہ شہر کے مختلف سیکٹرز میں سیکٹر وائز جدید میٹ مارکیٹس بھی قائم کی جائیں تاکہ گوشت کی سپلائی کا مؤثر نظام تشکیل دیا جا سکے، تاجروں کو جدید کاروباری سہولیات میسر آئیں اور شہریوں کو صاف ستھرا، معیاری اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق گوشت آسانی سے دستیاب ہو۔ انہوں نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے بھی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسلام آباد کو حقیقی معنوں میں ایک جدید، منظم اور مثالی دارالحکومت بنانا مقصود ہے تو جدید سلاٹر ہاؤس، سنٹرل ہول سیل میٹ مارکیٹ اور سیکٹر وائز میٹ مارکیٹس کا قیام ناگزیر ہے۔ ایک ماڈل سٹی کی بنیادی ضروریات میں یہ تمام سہولیات شامل ہوتی ہیں، لہٰذا ان منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 22

سکول سسٹم، سوہان میں منعقدہ پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک ہائی وے زون کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نجی سکولوں کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ شرکاء کو پیرا (PEIRA) اور فیڈرل بورڈ کے حالیہ فیصلوں اور ہدایات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس سے مرکزی جنرل سیکرٹری امتیاز علی خان، سینئر نائب صدر حاجی ندیم، نائب صدر میڈم عبیدہ، زونل صدر محمود حسین رفیع اور چیئرمین سپورٹس اکبر علی نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل، باہمی تعاون، تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کے بہتر مستقبل کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھنے پر زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک نجی تعلیمی اداروں کے حقوق کے تحفظ اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے متحد ہو کر اپنا مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ نمبر 23

شکایات سنیں اور ان کے فوری و شفاف حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے شہریوں کی درخواستوں پر فوری مقدمات درج کرنے کا حکم بھی دیا، انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے، سی پی او نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا، شہریوں کے ساتھ عزت، احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آنا ہر پولیس افسر کی ذمہ داری ہے، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت حاضر ہے، آپ کے مسائل کا حل ہماری اولین ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 24

کے فیصلے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے، پاکستان کے قدرتی وسائل بے شمار ہیں، مگر ناقص پالیسیوں، بھاری ٹیکسوں، مہنگی بجلی اور غیر مؤثر نظام کی وجہ سے ملکی صنعت عالمی سطح پر مقابلہ نہیں کر پا رہی، مقامی صنعت کو سہولیات فراہم کر کے روزگار کے مواقع بڑھائے جا سکتے ہیں، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی کرنسیوں کی اپنی الگ شناخت ہوتی ہے، جبکہ پاکستان 78 برس گزرنے کے باوجود اپنی کرنسی کی کوئی باقاعدہ علامت متعارف نہیں کرا سکا۔ پاکستانی روپے کے لیے پیش کردہ علامت اردو کے حرف "ر" پر مبنی ہے، جو قومی زبان اور ملکی شناخت کی نمائندگی کرتی ہے، جبکہ اس کے اوپر دو متوازی لکیریں معیشت کے استحکام کی علامت ہیں۔ محمد عبدالمتین ہاشمی نے کہا کہ یہ نشان کسی فرد یا سیاسی جماعت کی ملکیت نہیں بلکہ ریاست پاکستان اور پوری قوم کا مشترکہ اثاثہ ہونا چاہیے، اسی لیے انہوں نے اسے اپنے نام سے رجسٹرڈ کرانے کے بجائے حکومت کو بطور قومی تحفہ پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ہر شعبے میں اپنی قومی شناخت مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق اردو کو عملی طور پر دفتری، تعلیمی اور انتظامی زبان بنایا جائے اور سپریم کورٹ کے فیصلے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ انگریزی کی وجہ سے ملک میں احساس کمتری پیدا ہوا ہے اور لاکھوں طلبہ صرف زبان کی رکاوٹ کے باعث اپنی تعلیم مکمل نہیں کر پاتے۔ مکمل پاکستان پارٹی کے منشور پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت بلدیاتی نظام کے تسلسل، ماحول دوست صنعتوں کے فروغ، خواتین کے معاشی و سماجی استحکام، شفاف طرز حکمرانی، مقامی صنعتوں کے تحفظ، جدید ٹیکنالوجی پر خود انحصاری اور قومی معیشت کی مضبوطی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قدرتی وسائل بے شمار ہیں، مگر ناقص پالیسیوں، بھاری ٹیکسوں، مہنگی بجلی اور غیر مؤثر نظام کی وجہ سے ملکی صنعت عالمی سطح پر مقابلہ نہیں کر پا رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ مقامی صنعت کو سہولیات فراہم کر کے روزگار کے مواقع بڑھائے جا سکتے ہیں۔ ملکی امن و امان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے محمد عبدالمتین ہاشمی نے کہا کہ تمام مسائل کا حل مذاکرات اور قومی اتفاق رائے میں ہے، تاہم جہاں ریاستی رٹ قائم رکھنے کے لیے سختی ضروری ہو وہاں قانون کے مطابق کارروائی بھی ہونی چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت اقتدار میں آ کر عوامی مفاد کو اولین ترجیح دے گی، مہنگائی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سمیت دیگر معاشی مسائل کو بہتر حکمت عملی سے حل کیا جائے گا۔ انہوں نے بلدیاتی انتخابات کے بروقت انعقاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مضبوط بلدیاتی نظام ہی حقیقی جمہوریت اور عام آدمی کی سیاسی نمائندگی کی ضمانت ہے، کیونکہ متوسط طبقے کے لیے قومی اسمبلی کے مقابلے میں بلدیاتی سطح پر سیاست میں حصہ لینا زیادہ ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکمل پاکستان پارٹی اپنی سیاسی جدوجہد میں قومی شناخت، مضبوط معیشت، اردو کے فروغ، مقامی زبانوں کے احترام، تعلیم، خواتین کے بااختیار کردار اور خود انحصار پاکستان کے وژن کو آگے بڑھائے گی

بقیہ نمبر 25

خالد پروگرام ڈائریکٹر ڈی۔ ایچ۔ ڈی۔ سی۔ چوہدری محمد نیاز فوکل پرسن بی۔ ایچ۔ ای پروگرام کے علاوہ ہیلتھ کے دیگر سٹاف نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر کے ڈی۔ ڈی۔ ایچ۔ او صاحبان کے زیر اہتمام واک اور سیمینار منعقد کیے گئے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے بتایا کہ اس دن کا بنیادی مقصد تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل، خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت اور صنفی مساوات کے بارے میں عالمی سطح پر شعور بیدار کرنا ہے۔ پاکستان اس وقت دنیا کے گنجان آباد ممالک میں شامل ہے جہاں آبادی 24 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اس آبادی کا تقریباً 64 فیصد حصہ 30 سال سے کم عمر نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ ملکی قیادت کے مطابق، اس نوجوان نسل کی فلاح و بہبود اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ صحت مند معاشرے کے حصول اور مستقبل میں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ذمہ دارانہ خاندانی منصوبہ بندی اور تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ سیمینار کے اختتام پر آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ تحصیل کہوٹہ کے عوامی مسائل پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی اور متعلقہ اداروں تک ان مسائل کو مؤثر انداز میں پہنچانے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان میڈیا کونسل ضلع راولپنڈی کے صدر بدر بشیر بدر، تحصیل کہوٹہ کے صدر راجہ عثمان علی، جنرل سیکرٹری طاہر عباس نقوی، سینئر نائب صدر چوہدری نوید جندران، انفارمیشن سیکرٹری جہانگیر خان، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ملک طاہر محمود، جوائنٹ سیکرٹری بلال سرفراز صابری، ڈپٹی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عدیل علی، لیگل ایڈوائزر راجہ فیصل ایڈووکیٹ سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر یونین کونسل کھڈ یوٹ کی سیاسی و سماجی شخصیات کونسلر راجہ شکیل احمد، راجہ محمد ریاض (فوجی)، عبدالسمیع، راجہ شیان عباس اور چوہدری جبران عابد، زبیر علی شاہ بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جہاں خوشگوار ماحول میں تنظیمی امور، صحافتی تعاون اور باہمی روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آخر میں صحافی برادری کے اتحاد، تنظیمی استحکام اور عوامی خدمت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 27

موسمیات کے مطابق سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا، جبکہ کراچی میں بھی موسم گرم اور حبس برقرار رہنے کی توقع ہے۔ شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے اور ہوا میں نمی کا تناسب 74 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم گرم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، تاہم ژوب، موسیٰ خیل، شیرانی، کوہلو اور بارکھان میں گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ دوسری جانب نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے خبردار کیا ہے کہ مون سون بارشوں کے باعث شمالی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں سیلاب کا خطرہ بھی موجود ہے۔

بقیہ نمبر 28

ہسپتال کے عملے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سید اسماعیل شاہ ہمیشہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت، مریضوں کی رہنمائی اور مستحق افراد کی ہر ممکن مدد کو اپنا شعار بنائے ہوئے ہیں۔ ان کی شب و روز محنت، خوش اخلاقی اور خدمت کا جذبہ انہیں عوام میں ایک ممتاز مقام عطا کرتا ہے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سید اسماعیل شاہ کو صحت، تندرستی، خوشیوں اور مزید توفیق خدمت سے نوازے، ان کے علم و تجربے میں برکت عطا فرمائے اور انہیں انسانیت کی خدمت کے اس عظیم سفر میں ہمیشہ کامیاب و کامران رکھے۔ واک اینڈ لائف گروپ، دوست احباب اور الخدمت رازی ہسپتال کا عملہ سید اسماعیل شاہ کو وطن واپسی پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہے اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا گیا

بقیہ نمبر 29

قدرتی خوبصورتی اور ماحول کو محفوظ رکھنے کے لیے ضلع بھر میں ہر قسم کی نئی تعمیرات پر مکمل پابندی عائد ہے، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کلین اینڈ گرین پنجاب ویژن کے تحت غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور جاری تعمیرات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ڈی سی مری کی ہدایات پر مری میں پابندی کے باوجود جاری تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن مری مرزا مظفر بیگ، میونسپل آفیسر پلاننگ رضا الٰہی، پیر افورس انچارج ندیم گوہر، انسپکٹر اظہر تجہ اور انفورسمنٹ انسپکٹر طارق قریشی کی سربراہی میں پڑھنہ روڈ پر جاری تعمیرات اور خلاف ورزی کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا، اس دوران پابندی کے باوجود زیر تعمیر عمارتوں کے حصوں کو مسمار کر دیا گیا، جبکہ پلرز، لنٹر اور شٹرنگ بھی بھاری مشینری کے ذریعے گرا دی گئی۔

بقیہ نمبر 30

کے تعمیراتی کام، رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات راجہ جہانگیر انور، چیف انجینئر، ایکسین اور متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حکام نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آر اے ایم کے روڈ منصوبے پر مجموعی طور پر 60 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ کام تیزی سے جاری ہے۔ صوبائی وزیر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو ماہ اگست تک ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ عوام اور سیاحوں کو جلد از جلد جدید سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ آر اے ایم کے روڈ منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مری ڈویلپمنٹ پلان کا ایک اہم حصہ ہے اور حکومت پنجاب مری کی سڑکوں کی بہتری کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل سے نہ صرف مری آنے والے سیاحوں بلکہ مقامی آبادی کو بھی محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق مری میں جدید، محفوظ اور پائیدار انفراسٹرکچر کی تکمیل پر تیزی سے کام جاری ہے۔ صوبائی وزیر نے منصوبے پر کام کرنے والی ہائی ویز ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی رفتار قابل تعریف ہے، تاہم تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ رفتار کو برقرار رکھتے ہوئے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آر اے ایم کے روڈ منصوبے کی تکمیل سے مری اور گردونواح کے دیہی علاقوں کی رسائی میں نمایاں بہتری آئے گی، سیاحت کو فروغ ملے گا، مقامی معیشت مستحکم ہوگی اور عوام کو محفوظ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پنجاب وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں عوام کو محفوظ، پائیدار اور عالمی معیار کی شاہراہیں فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 31

بی ایس کمپیوٹر سائنس کے طالب علم ہارون امجد کلاسز کے بعد اپنے گھر جا رہا تھا کہ یونیورسٹی کے مرکزی گیٹ کے باہر سندھ رجسٹریشن نمبر کی تیز رفتار گاڑی نے اسے ٹکر مار دی، حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، واقعے کے فوری بعد یونیورسٹی کے طلبہ نے زخمی طالب علم کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی ٹانگ فریکچر ہونے اور جسم کے مختلف حصوں پر چوٹیں آنے کی تصدیق کی زخمی ہونے کے باعث طالب علم اپنے سالانہ امتحانات میں بھی شرکت نہ کر سکا جس سے اس کا تعلیمی سال متاثر ہوا، متاثرہ خاندان کے مطابق مقدمہ درج ہونے اور سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گاڑی کی شناخت ہونے کے باوجود ایک ماہ سے زائد عرصہ گزر جانے پر بھی ملزم کے خلاف کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی جا سکی، زخمی طالب علم کے والد شیخ امجد نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور ڈی پی او مری سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ڈرائیور کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور ان کے بیٹے کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 32

گرافی اور انجیو گرافی جیسی اہم سہولیات موثر انداز میں دستیاب نہ ہونے کے باعث روزانہ آنے والے متعدد مریضوں کو راولپنڈی اور دیگر بڑے ہسپتالوں میں ریفر کیا جانے لگا ایکو کارڈیوگرافی اور انجیوگرافی ہفتہ میں صرف تین دن ہوتی ہے وہ بھی عام غریب مریضوں کی نہیں بلکے ڈاکٹرز اپنے تعلق والے مریضوں کو یہاں پر لا کر صرف انکی انجیوگرافی یہاں پر کی جاتی ہے گزشتہ سال وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہسپتال کی افتتاحی تقریب کے دوران اعلان کیا تھا کہ یہاں امراضِ قلب کے علاج کی تمام جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی، تاکہ مری، گلیات اور گردونواح کے عوام کو اپنے علاقے میں ہی دل کے آپریشن اور معیاری علاج میسر آ سکے۔

بقیہ نمبر 33

09 ہزار گاڑیاں موجود ہیں جبکہ پولیس اور ٹریفک پولیس متحرک ہے، ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا اور چیف ٹریفک آفیسر منیر احمد ہاشمی خود فیلڈ میں ٹریفک انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، 400 سے زائد ڈسٹرکٹ پولیس اور ٹریفک پولیس کے اہلکار سیاحوں کی رہنمائی کے لیے 24 گھنٹے فیلڈ میں موجود ہیں جبکہ غیر معمولی رش کے باوجود ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں، ڈی پی او مری نے کہا ہے کہ پارکنگ کی محدود گنجائش اور سنگل روڈ نیٹ ورک کے باعث بعض مقامات پر ٹریفک کا دباؤ رہا، آر ایم کے روڈ پر کارپٹنگ کے باعث ٹریفک کا دباؤ ایکسپریس وے، لوئر ٹوپہ اور جھیکا گلی کی جانب رہا، متبادل روٹس پر اضافی نفری تعینات، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، مری پولیس اور ٹریفک پولیس سیاحوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے مصروف عمل ہیں، انہوں نے کہا کہ سیاح مری پولیس کی ہدایات پر عمل کریں، تعاون سے سفر مزید محفوظ بنائیں، غلط پارکنگ سے گریز کریں اور مقررہ پارکنگ مقامات کا استعمال یقینی بنائیں، مری پولیس کا عزم: محفوظ، منظم اور خوشگوار سیاحت کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری کیے گئے ہیں، مری پولیس اور ٹریفک پولیس سیاحوں کی حفاظت، رہنمائی اور سہولت کے لیے ہمہ وقت آپ کے ساتھ موجود ہے۔

بقیہ نمبر 34

ان کی ٹیم بشارت علی اے ایس آئی نے کارروائی کرتے ہوئے جنگل میں تاش پر جوا کھیلنے والے ملزمان کے خلاف چھاپہ مارا، کارروائی کے دوران ملزمان محمد اختر ولد عبدالرحمان سکنہ مظفر آباد اور امتیاز عرف ہیو ولد خالق داد سکنہ گہل تحصیل و ضلع مری کو موقع سے گرفتار کر لیا گیا، جبکہ دیگر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس نے موقع سے داؤ پر لگی 16 ہزار روپے نقد رقم اور 3 عدد موبائل فون برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لے لیے، ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 120/26 تھانہ پتریاٹہ میں پنجاب پروہیبیشن آف گیمبلنگ آرڈیننس 1978-5 اور 7 کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈی پی او نے کہا ہے کہ ضلع مری میں قمار بازی، منشیات اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 35

نے رمنا پولیس اسٹیشن کا دورہ کیا، انہوں نے جدید اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کے تحت تعمیر کیے گئے تھانہ کے مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایات جاری کیں، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام دوست پالیسی پر عمل پیرا ہو کر شہریوں کی دادرسی کی جائے، اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کی خوبصورتی کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 36

مارٹم کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر مجید سرپرہ نے بتایا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کر دی گئی ہے، ذمہ دار افراد کی نشاندہی اور گرفتاری کے لیے تیز رفتار کارروائی جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں سرچ آپریشن بھی شروع کیا گیا ہے، انتظامیہ نے علاقے کی سیکیورٹی بڑھا دی ہے اور مزید تفتیش کے لیے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے حملے کی شدید مذمت کی ہے، قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی ہے۔ صدرِ پاکستان نے کہا کہ معصوم شہریوں اور محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا کھلا ظلم ہے، ایسے بزدلانہ حملے قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، ریاست شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام جاری رکھے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے واشک کے علاقے ماشکیل میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعظم نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور نہتے مزدوروں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور بزدلانہ فعل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ایسے انسانیت سوز جرائم میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے لیے بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، لیکن ایسے بزدلانہ حملے دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو ہرگز متزلزل نہیں کر سکتے، حکومت اور سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ہر شہری کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 37

ہوتی تھیں تو انہوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے پنجاب حکومت کی جانب سے متعارف کرائے گئے قانون پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس قانون کے ذریعے دینی مدارس اور مذہبی جماعتوں کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کو ایسے اختیارات دینا کہ جسے چاہے گرفتار کر لے، بنیادی شہری آزادیوں کے منافی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ آج جو قانون دوسروں کے لیے بنایا جا رہا ہے، آنے والے وقت میں نواز شریف، شہباز شریف اور آصف علی زرداری کو بھی اس کے نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ ملکی سالمیت کی خاطر انہوں نے جعلی طریقے سے اقتدار میں آنے والی حکومت کو بھی قبول کیا اور 26 ویں آئینی ترمیم میں اہم کردار ادا کیا۔ گلگت بلتستان کے انتخابات کا حوالہ دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ان کی جماعت کے امیدواروں کے بیلٹ بکس دریا میں پھینک دیے گئے۔ بلوچستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے مولانا نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ہمیشہ ریاست کا ساتھ دیا اور فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے جدوجہد کی۔ ان کے اکابرین نے اس راہ میں جانیں بھی قربان کیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے واضح کیا کہ مدارس پر کسی قسم کا ظلم یاد باؤ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے عوام کا سیلاب پنجاب پہنچ چکا ہے جو حکمرانوں کو بہا کر لے جائے گا۔ انہوں نے پنجاب میں مزدوروں اور کسانوں کے حقوق کے تحفظ کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر کسی وڈیرے نے ان پر ہاتھ ڈالا تو بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔ اجتماع سے جے یو آئی سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے اکابرین نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے پنجاب حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اماموں کے لیے 25 ہزار روپے تنخواہ کا اعلان رشوت ہے جس سے امام کے ضمیر کو خریدا جا رہا ہے۔ یہ مدارس، مساجد اور علماء کے خلاف سازش ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ جب بھی حکومت مشکل میں آتی ہے تو اسے جے یو آئی یاد آ جاتی ہے، لیکن حالات بہتر ہوتے ہی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قصور کی سرزمین اور پھول نگر کا یہ اجتماع عوامی سوچ میں تبدیلی کی نوید ہے

بقیہ نمبر 38

نے 1995 میں قطر کی حکومت سنبھالی تھی اور 2013 میں اقتدار اپنے صاحبزادے شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے حوالے کر دیا تھا۔ اقتدار کی یہ منتقلی خطے میں ایک اہم سیاسی پیش رفت سمجھی گئی تھی

بقیہ نمبر 39

نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 40

شمولیت اور باہمی تجربات کے تبادلے پر اتفاق کیا گیا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو تعلیم، وراثت، کاروبار اور معاشرتی زندگی میں بھرپور حقوق عطا کیے ہیں، حضرت خدیجہؓ، حضرت عائشہؓ اور حضرت فاطمہؓ خواتین کے لیے بہترین نمونہ ہیں۔ وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق نے کہا کہ پاکستان مسلم دنیا کا پہلا ملک ہے جس نے خاتون وزیراعظم منتخب کی، جبکہ آج پاکستانی خواتین قومی ترقی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاکستان اور مملکت سعودی عرب نے او آئی سی کے پلیٹ فارم پر خواتین کو بااختیار بنانے، خاندانی نظام کے استحکام اور مشترکہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 41

لیے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں پاکستان سعودی عرب تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 42

اس آبی گزرگاہ سے متعلق ایران کے ضوابط اور ہدایات کا احترام کرنا ہوگا۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب آبنائے ہرمز میں کشیدگی بڑھ چکی ہے۔ ایران اس اہم آبی راستے پر اپنے اثر و رسوخ پر زور دے رہا ہے، جبکہ امریکا اور اس کے اتحادیوں کا موقف ہے کہ آبنائے ہرمز ایک بین الاقوامی آبی گزرگاہ ہے اور کسی ایک ملک کو اس پر مکمل کنٹرول حاصل نہیں۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز دنیا کے اہم ترین توانائی راستوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی سطح پر خام تیل اور قدرتی گیس کی بڑی مقدار گزرتی ہے۔ اسی وجہ سے اس سے متعلق کسی بھی قسم کی کشیدگی عالمی توانائی کی منڈیوں اور بحری تجارت پر فوری اثر ڈال سکتی ہے

بقیہ نمبر 43

کرنے پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن شعبان میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کیا ہے۔ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی اداروں کی مشترکہ کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، افسران اور جوانوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر کے لیے پاکستان کی سرزمین پر کوئی جگہ نہیں ہے، قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری ہیں اور جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 44

یونیو کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ان اصلاحات کے بعد بلوچستان میں ڈویژنز کی تعداد 7 سے بڑھ کر 11 جبکہ اضلاع کی تعداد 36 سے بڑھ کر 41 ہوگئی ہے نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کی شق 5، 6 اور A-6 کے تحت موجودہ ضلع کوئٹہ کو ریلوے ٹریک کی بنیاد پر دو اضلاع، کوئٹہ ایسٹ اور کوئٹہ ویسٹ میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ کوئٹہ ایسٹ میں صدر، سٹی اور سریاب جبکہ کوئٹہ ویسٹ میں کچلاک، بریوری اور پنجپائی شامل ہوں گے۔ سریاب میں محکمہ آبپاشی کی عمارت کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کے دفتر کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 45

جہازوں سے لازمی نہیں بلکہ رضاکارانہ بنیادوں پر نیویگیشن سروسز کی فیس وصول کی جا سکتی ہے۔ برطانیہ کے نائب وزیراعظم ڈیوڈ لیمی نے خبردار کیا کہ اگر آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر لازمی ٹول ٹیکس نافذ کیا گیا تو اس کے عالمی تجارت اور توانائی کی منڈی پر سنگین اثرات مرتب ہوں گے۔ تاہم انھوں نے اس بات کا بھی اعتراف کیا کہ دنیا کے بعض اہم بحری راستوں، جیسے آبنائے ملاکا اور انگلش چینل میں مخصوص نیویگیشن خدمات کے عوض رضاکارانہ فیس کا نظام پہلے سے موجود ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق عمان نے آبنائے ملاکا کے کامیاب انتظامی ماڈل کو سامنے رکھتے ہوئے آبنائے ہرمز کے لیے ایک قانونی فریم ورک تیار کیا ہے جس میں بحری سلامتی اور نیویگیشن خدمات کے لیے رضاکارانہ تعاون کی تجویز شامل ہے۔ اس دوران قطر نے بھی واضح کیا ہے کہ آبنائے ہرمز پر کسی ایک ملک کو ایسا اختیار نہیں دیا جا سکتا جو بین الاقوامی بحری قوانین سے متصادم ہو

بقیہ نمبر 46

گزشتہ 10 ماہ سے سینیر جیکو بنکرنگ کے لیے ویری لو سلفر فیول آئل فراہم کر رہا ہے اب یہ سہولت گوادر تک توسیع پا گئی ہے۔ اسامہ قریشی نے کہا کہ گوادر آپریشن کے بعد پاکستان کی تمام بڑی کمرشل بندرگاہوں پر بنکرنگ نیٹ ورک مکمل ہو گیا ہے، ویٹول اور اس کی ٹیم نے پاکستان میں جدید بنکرنگ صلاحیت کے قیام میں غیر معمولی کردار ادا کیا، تمام شراکت دار اس کامیابی پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اسامہ قریشی نے کہا کہ حکومتِ پاکستان، وزیراعظم کی میری ٹائم ٹاسک فورس، وزارتِ بحری امور، ایف بی آر، گوادر پورٹ اتھارٹی اور این ایل سی کے تعاون سے یہ تاریخی سنگِ میل حاصل ہوا۔

بقیہ نمبر 47

ہانگ کانگ چین کو واپس کر دیا گیا، جسے برطانوی نوآبادیاتی دور کے اہم اختتامی مراحل میں شمار کیا جاتا ہے۔

آج مؤرخین عام طور پر نوآبادیاتی دور کو ایک پیچیدہ تاریخی عمل کے طور پر دیکھتے ہیں۔ ایک طرف اس دور میں بنیادی ڈھانچے، جدید انتظامیہ اور بعض اداروں کی تعمیر ہوئی، جبکہ دوسری طرف سیاسی آزادی کی محرومی، وسائل کے استحصال، معاشی عدم توازن اور سماجی تبدیلیوں کے گہرے اثرات بھی سامنے آئے۔ اسی لیے اس دور کا مطالعہ مختلف زاویوں سے کیا جاتا ہے، اور اس کے اثرات آج بھی سابقہ کالونیوں کی سیاست، معیشت اور معاشرے میں محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج لندن سمیت برطانیہ کے دوسرے شہروں میں ہر رنگ و نسل کے لوگوں کی بہار ہے اور یہ بہار لانے والے انگریز کہیں غائب ہیں۔

بقیہ نمبر 48

حقوق کے لیے بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی قربانیاں آج بھی نسل در نسل کشمیری عوام کے لیے حوصلے اور عزم کا سرچشمہ ہیں اور ان کی جدوجہد کی یاد تازہ کرتی ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے جموں و کشمیر کے عوام کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ جموں و کشمیر کا پُرامن اور دیرپا حل، اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔

چیئرمین سینیٹ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ، انصاف کے قیام اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے احترام کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقوق کے حصول کی جائز جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے

بقیہ نمبر 49

ملتے تھے، ان کے علاوہ گریڈ 20 کے افسران کو سالانہ 10 ہزار مفت یونٹس کی سہولت حاصل تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ فیصلہ دیگر ڈسکوز کے گریڈ 18 سے 20 تک کے افسران کے لیے بھی کیا گیا تھا تاہم دیگر ڈسکوز نے عدالتوں سے حکم امتناع لے کر مفت بجلی بحال کروالی۔ لیسکو افسران کا کہنا ہے کہ دیگر کمپنیوں کی مفت بجلی کی سہولت بحالی غیر قانونی ہے، تنخواہ میں تمام مراعات شامل ہوتی ہیں، مفت بجلی کی سہولت ملک کے تمام اداروں سے ختم کی جائے، اس حوالے سے وزارت توانائی تمام کمپنیوں کے لیے یکساں پالیسی کا اعلان کرے۔

بقیہ نمبر 50

ویزا کے بغیر مقیم تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی تصور کیا جاتا ہے اور انہیں مرحلہ وار وطن واپس بھیجا جا رہا ہے۔ محکمہ داخلہ نے بتایا کہ اب تک ملک بھر سے مجموعی طور پر 25 لاکھ 88 ہزار 16 افغان باشندوں کو واپس بھجوایا جا چکا ہے جب کہ صرف پنجاب سے ایک لاکھ 38 ہزار 342 غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کی وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ کریک ڈاؤن کے دوران صوبہ بھر کے رہائشی علاقوں اور مارکیٹس کی جانچ مکمل کی گئی جب کہ گرفتار کیے جانے والے غیر قانونی افغان شہریوں کو پہلے ہولڈنگ سینٹرز منتقل کیا جاتا ہے جہاں ان کی عارضی رہائش، رجسٹریشن اور وطن واپسی کے انتظامات کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح پنجاب میں اس وقت 36 ہولڈنگ سینٹرز فعال ہیں جہاں اس وقت 53 افغان شہری موجود ہیں، بعد ازاں انہیں طورخم بارڈر کے ذریعے افغان حکام کے حوالے کیا جاتا ہے۔ محکمہ داخلہ کا کہنا تھا کہ یہ اعداد و شمار حکومت کی مؤثر حکمتِ عملی اور فعال انتظامی اقدامات کی عکاسی کرتے ہیں۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناختی جعلسازی یا کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر دیں، جبکہ اطلاع دینے والے افراد کی شناخت مکمل طور پر صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔ دوسری جانب حکام نے واضح کیا ہے کہ کارروائیاں صرف غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کی جا رہی ہیں جب کہ فارن نیشنل سیکیورٹی سیل صوبہ بھر میں اس عمل کی مانیٹرنگ اور کوآرڈینیشن جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 51

آف پرفارمنس کارکردگی اور میرٹ پر دینے چاہیے۔ پیر سید سہیل بخاری نے کہا کہ اگر ایک مرتبہ کسی فرد کو پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ مل چکا ہو تو انہیں دوبارہ سول ایوارڈ دینا دوسرے مستحق کا حق چھین لینے کے مترادف ہوتا ہے اس سلسلے کو فوری بند ہونا چاہیے

بقیہ نمبر 52

داخلہ نے کہا کہ ایرانی حملوں کو ناکارہ بنانے کی کارروائی کے دوران ڈرونز کا ملبہ گرنے سے 1 بچے سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے۔ قطری وزارت داخلہ کا کہنا تھا کہ زخمیوں کو ہر ممکن ضروری طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ ایرانی حملوں کے بعد سیکیورٹی حکام اور سول ڈیفنس کی ٹیموں نے منظور شدہ ہنگامی منصوبوں کے مطابق امدادی کارروائیاں شروع کر دی ہیں

بقیہ نمبر 53

گھر میں خود کو گولی مار دی، سرکاری آفیسر کے رشتہ داروں کیساتھ جائیداد تنازعات چل رہے تھے۔ ایس پی کینٹ محمد جنید کھرل نے کہا کہ واقعہ خودکشی ہے تحقیقات کر رہے ہیں، خودکشی والے کمرے سے شواہد ملے، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مکمل حقائق سامنے آئیں گے۔

بقیہ نمبر 54

کے باعث والدین سمیت خاندان بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے ذرائع کے مطابق جڑواں بچوں میں 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں

بقیہ نمبر 55

کے لیے نرم گوشہ بھی بڑھا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تازہ رجحان پیو ریسرچ سینٹر کے تازہ سروے میں سامنے آیا ہے جس نے سب کو چونکا کر رکھ دیا ہے۔ سروے میں 18 سے 29 سال عمر کے تقریباً 13 فیصد امریکی نوجوان حماس کے بارے میں مثبت رائے رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 56

اصولوں اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ سعودی عرب نے کہا کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے بلکہ عالمی بحری تجارت، جہاز رانی اور آبنائے ہرمز میں آمد و رفت کی آزادی بھی خطرے میں پڑ رہی ہے۔ اگرچہ حالیہ ایرانی حملوں میں سعودی عرب کو براہ راست نشانہ نہیں بنایا گیا، تاہم گزشتہ ہفتے آبنائے ہرمز سے گزرنے والا ایک سعودی آئل ٹینکر حملے میں متاثر ہوا تھا۔ دوسری جانب عمان نے بھی اپنے علاقے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ناقابل قبول قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 57

کے منصوبے کے تحت سوہان سمیت متذکرہ علاقوں میں جہاں نئی روڈ تعمیر ہونا ہے اس کے راستے میں چھوٹے قبرستان اور قبروں کا انکشاف ہوا ہے جس پر سی ڈی اے احکام نے ان علاقوں میں موجود قبروں کی منتقلی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، جس پر مقامی آبادی میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق سوہان سے گلبرگ گرین کی جانب جانے والے مجوزہ لنک روڈ کی زد میں آنے والی قبروں کو دوسری جگہ منتقل کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے مرحومین کے ورثاء کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر قبرستان پہنچ کر اپنے عزیزوں کی قبروں کی نشاندہی کریں اور منتقلی کے عمل میں متعلقہ حکام سے تعاون کریں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ قبروں کی منتقلی کا عمل فوری طور پر شروع کیا جا رہا ہے، لہٰذا جن ورثاء نے ابھی تک سی ڈی اے نمائندگان سے رابطہ نہیں کیا وہ جلد از جلد رابطہ کریں تاکہ کارروائی بروقت مکمل کی جا سکے۔ دوسری جانب شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ سی ڈی اے پہلے ہی مختلف آبادیوں اور تعمیرات کے خلاف آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہے، تاہم اب قبروں کی منتقلی کے نوٹس جاری ہونے سے عوامی سطح پر نئی بحث چھڑ گئی ہے۔ مقامی افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ اس حساس معاملے میں مذہبی، قانونی اور انسانی پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل شفافیت اختیار کی جائے اور ورثاء کے جذبات کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ سی ڈی اے حکام کا موقف ہے کہ یہ اقدام عوامی مفاد اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے کیا جا رہا ہے اور تمام قانونی و شرعی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے قبروں کی منتقلی کا عمل انجام دیا جائے گا

بقیہ نمبر 58

المذاہب ہم آہنگی، اعتدال پسندی کے فروغ، امت مسلمہ کے درمیان تعاون کے استحکام اور عالمِ اسلام کے لیے نمایاں خدمات کے اعتراف میں نشانِ خدمت عطا کرنے کی منظوری دی۔ صدرِ مملکت نے نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) کی جانب سے ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ کو اسلامیات اور بین الاقوامی تعلقات میں اعزازی ڈاکٹریٹ عطا کرنے کی بھی منظوری دی۔

بقیہ نمبر 59

ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری شہداء نے حق، انصاف اور انسانی وقار کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش باب رقم کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ یوم شہدائے کشمیر 13 جولائی 1931ء کے اس تاریخی واقعے کی یاد میں منایا جاتا ہے جب سری نگر سینٹرل جیل کے باہر ڈوگرہ راج کے خلاف احتجاج کرنے والے نہتے کشمیریوں پر فائرنگ کی گئی

اسلام آباد، بوسنیا و ہرزیگووینا میں نسل کشی کی برسی تقریب سے وزیر مملکت بیرسٹر عقیل، سفیر ایمن چوہودار و دیگر خطاب کر رہے

آزاد کشمیر انتخابات بائیکاٹ پر پی ٹی آئی فیصلہ نہ کر سکی، اختلافات برقرار

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے آزاد کشمیر الیکشن بائیکاٹ کا فیصلہ 7 دن کے اندر نظرثانی اجلاس سے مشروط کیا تھا

9 جولائی کو 7 دن پورے ہونے پر پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی کا الیکشن بائیکاٹ پر تاحال اجلاس نہیں بلایا جاسکا

اسلام آباد (آئی این پی) آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے بائیکاٹ کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف تاحال کوئی فیصلہ نہیں کرسکی، اختلافات برقرار ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے آزاد کشمیر الیکشن بائیکاٹ کا فیصلہ 7 دن کے اندر نظرثانی اجلاس سے مشروط کیا تھا۔ پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی اور آزاد کشمیر گورننگ باڈی کے عام انتخابات میں حصہ لینے سے متعلق اختلافات برقرار ہیں۔ 9 جولائی کو 7 دن پورے ہونے پر پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے تاحال اجلاس نہیں بلایا جاسکا۔ قبل ازیں آزاد کشمیر گورننگ باڈی کے الیکشن میں حصہ لینے کے فیصلے کے باوجود سیاسی کمیٹی نے بائیکاٹ کا اعلان کیا تھا جبکہ پی ٹی آئی آزاد کشمیر کی گورننگ باڈی نے 9 جولائی کے اجلاس میں کثرت رائے سے انتخابات میں حصہ لینے کی سفارش کی تھی۔ واضح رہے وفاق میں اپوزیشن قیادت نے بھی الیکشن بائیکاٹ کا فیصلہ جلد بازی میں نہ کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جواد احمد اقبال ہاشمی انتقال کر گئے، نماز جنازہ ادا

ہزاروں اشک بار آنکھوں کی موجودگی میں سپردِ خاک کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) سابق ایریا ایجوکیشن آفیسر نیلور سیکٹر اور سابق پرنسپل قاضی روشن اقبال کے بڑے صاحبزادے، سابق رکنِ صوبائی اسمبلی پنجاب ناظمہ جواد ہاشمی کے شوہر، فواد احمد اقبال ہاشمی اور مدثر احمد اقبال ہاشمی کے بڑے بھائی، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قاضی محمد منیر کے داماد جواد احمد اقبال ہاشمی مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انہیں نمازِ جنازہ کی ادائیگی کے بعد آبائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایکسپریس وے مری آغوش موڑ موٹر سائیکل حادثہ کا شکار ہوگئی

مری (نمائندہ خصوصی) ایکسپریس وے مری آغوش موڑ موٹر سائیکل حادثہ کا شکار ہوگئی جسکے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا، پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیم حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ایمبولینس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ھے، عمر حیات نقشبندی

اڈیالہ (نامہ نگار) نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ھے۔ خوش بخت ہیں وہ والدین جو اپنے پیچھے نیک اولاد چھوڑ گئے۔ اولاد والد کی پگڑی کو ہمیشہ بلند سے بلند تر رکھنے کی کوشش کرتی ھے۔ باپ اولاد کے سر کا تاج اور ماں کے پاؤں تلے جنت ھے۔ باپ کی جدائی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

رینٹ اے کار ڈرائیور کا اندھا قتل ٹریس، اشتہاری مجرم گرفتار

گرفتار اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، پولیس

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس سرکل تھانہ مندرہ کی مؤثر تفتیش و کارروائی، 6 ماہ قبل رینٹ اے کار ڈرائیور کا اندھا قتل ٹریس، اشتہاری مجرم گرفتار، اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ لاہور سے مقتول کی گاڑی بک کی، اشتہاری اور ساتھیوں نے مندرہ کے قریب ڈرائیور کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے تھے، ملزمان نے گاڑی خراب ہونے پر تلخ کلامی کی اور فائرنگ کر کے ڈرائیور کو قتل کیا تھا، نامعلوم نعش ملنے پر پولیس کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اڈیالہ، حافظ عابد چشتی کے بھائی عثمان چشتی کے تایا گل محمد کیلئے پیر عبدالوسید جیلانی و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے

بلوچستان میں بڑھتی دہشتگردی قومی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ: راجہ آزاد

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آل جموں و کشمیر مسلم لیگ کے چیئرمین راجہ آزاد خان نے بلوچستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی ملک کے امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے ایک سنگین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

جواد شہرستانی کا ساجد نقوی اور علامہ شبیر میثمی کے اعزاز میں ظہرانہ

ملاقات میں امت مسلمہ، دینی روابط اور اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان، نمائندۂ ولی فقیہ علامہ سید ساجد علی نقوی دامت برکاتہ اور شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر میثمی کے اعزاز میں مرجع عالی قدر حضرت آیت اللہ سید علی حسینی سیستانی کے داماد اور وکیلِ مطلق آیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گوجرخان، معمولی تلخ کلامی پر بھائی نے بھائی کی جان لے لی

ملزم قتل کرنے کے بعد فرار ہوگیا، پولیس نے بیوہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کے نواحی علاقے جیرو رتیال میں معمولی تلخ کلامی پر بھائی نے بھائی کی جان لے لی، فائرنگ کے دوران معجزاتی طور پر مقتول کی بیوی اور بیٹی محفوظ رہی، ملزم قتل کرنے کے بعد فرار ہوگیا، پولیس نے بیوہ کی مدعیت میں مقدمہ درج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مری کے تاجر خالف خان کے صاحبزادے رشتہ ازدواج میں منسلک

مری (بیورو رپورٹ) کینٹ مارکیٹ مری کے معروف تاجر خالف خان کے صاحبزادے مبشر خان رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے، ان کی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب مری امپرومنٹ ٹرسٹ میں منعقد ہوئی جس میں صدر ایم آٹی ویلفیئر سوسائٹی طفیل عباسی، سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

مری کے تاجر خالف خان کے صاحبزادے مبشر خان کا دعوت ولیمہ کے موقع پر عزیز و اقارب کے ہمراہ گروپ فوٹو

سی ڈی اے مزدور یونین کے عہدیداران کا شاہد محمود ستی کی والدہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے مرکزی میڈیا کوآرڈینیٹر شاہد محمود ستی اور سابقہ فورمین ارشد محمود ستی کی والدہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ اسلام آباد کے مقامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ریلوے لاہور: بہترین کارکردگی پر افسران میں اسناد تقسیم

ملک اشرف آئی، اسرار احمد کو کیش ایوارڈ اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا

(لاہور غلام عباس ٹیپو سے) ڈی ایس ریلوے انعام اللہ نے بہترین اور اعلیٰ کارکردگی پر انسپکٹر آف ورکس ملک محمد اشرف کو کیش ایوارڈ اور تعریفی اسناد سے نوازا سال 26-2025 کے تفویض کردہ ریونیو ہدف کو حاصل کرنے پر ڈی ایس لاہور انعام اللہ نے کہا مالی سال 26-2025 کے تاریخ ساز ریونیو میں لینڈ ریکوریوں سے منسلک افسران و سٹاف کی کوششیں قابل تحسین ہیں سرکاری اراضی واگزار کرانے، قبضہ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور بہتر لینڈ مینجمنٹ کی ریلوے لینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

THQ گوجرخان: طبی سہولیات کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات جاری، عوامی اعتماد میں اضافہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور ادارے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پیٹرول کی قیمت کی آڑ میں عوام پر ظلم بند کیا جائے، امیر زاہد قریشی

ظالمانہ ٹیکسز کے بوجھ تلے دبے لوگ بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پیٹرول کی قیمت کی آڑ میں عوام پر ظلم بند کیا جائے۔ حکومت خوش کے ناخن لے اور عوام کو سکھ کا سانس لینے دے۔ پیٹرول قیمت میں اضافے کی آڑ میں عوام کو مسائل کی دلدل میں دھکیل دیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی گوجرخان کے امیر زاہد قریشی، چوہدری عابد ایڈووکیٹ، راجہ عمیر، حبیب قریشی، کسان بورڈ ضلع راولپنڈی کے صدر راجہ عرفان بھٹی، مولانا قاسم الحق، جماعت اسلامی یوتھ کے ڈاکٹر راجہ محمد عبدہٗ، گوجرخان بار ایسوسی ایشن کی جانب سے مرزا وقاص ایڈووکیٹ نے جماعت اسلامی گوجرخان کے زیراہتمام مہنگائی کے خلاف اور پیٹرول کی قیمت میں کمی کے مطالبے کے لیے منعقدہ مظاہرے میں کیا۔ گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ ظالمانہ ٹیکسز کے بوجھ تلے دبے لوگ بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچوں کو والدین تک پہنچا دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچوں کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

المروہ مسجد جراحی کے گردونواح کا بجلی کا دیرینہ مسئلہ حل، بجلی کا نظام تھری فیز میں تبدیل

اڈیالہ (نامہ نگار) المروہ مسجد جراحی کے گردونواح کا بجلی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

عالمی رپورٹ میں پاکستان آن لائن فراڈ کے خلاف دنیا کا کم محفوظ ترین ملک قرار

سم سب اور اسٹیٹسٹا کے جاری گلوبل فراڈ انڈیکس 2025 کے مطابق پاکستان 112 ممالک کی فہرست میں آخری نمبر پر ہے

سائبر کرائم کی روک تھام اور سکیورٹی قوانین کے مؤثر نفاذ میں بھی نمایاں کمزوریوں کی نشاندہی کی گئی، عالمی رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) ڈیجیٹل فراڈ اور سائبر خطرات سے متعلق جاری ہونے والی عالمی رپورٹ میں پاکستان کو آن لائن فراڈ کے خلاف دنیا کا سب سے کم محفوظ ملک قرار دے دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق بین الاقوامی شناختی تصدیقی ادارے سم سب اور عالمی شماریاتی ادارے اسٹیٹسٹا کے اشتراک سے جاری کردہ گلوبل فراڈ انڈیکس 2025 کے مطابق ڈیجیٹل فراڈ میں پاکستان 112 ممالک کی فہرست میں آخری نمبر پر ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان مسلسل دوسرے سال بھی ڈیجیٹل فراڈ کے خلاف مزاحمت کے عالمی انڈیکس میں سب سے نچلی پوزیشن پر برقرار ہے۔ رپورٹ کی تیاری میں فراڈ کی شرح، حکومتی اقدامات، ڈیجیٹل وسائل تک رسائی اور معاشی صورتحال سمیت چار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

چوہدری اورنگزیب ہمایوں کی محفل چہلم سے علامہ عمر حیات نقشبندی خطاب کر رہے ہیں

سربرینیتسا نسل کشی انسانیت پر ناقابلِ فراموش داغ، عقیل ملک

سربرینیتسا کو فراموش کرنا تاریخ سے انحراف ہوگا، ایمین چوہودار یوبچ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) بوسنیا و ہرزیگووینا میں 1995ء کی سربرینیتسا نسل کشی کی 31 ویں برسی کے موقع پر بین الاقوامی یومِ تفکر و یادگار کے حوالے سے اسلام آباد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مسقط اسٹیل ویمنز جونیئر کپ، قومی ٹیم کے میچز کا شیڈول جاری

ہانگ کانگ، بنگلہ دیش، ازبکستان، قازقستان سے میچز کھیلے گی

لاہور (بیورو رپورٹ) مسقط، عمان میں شیڈول مسقط اسٹیل ویمنز جونیئر اے ایچ ایف کپ 2026 کے لیے پاکستان کی قومی جونیئر ویمنز ہاکی ٹیم کے میچز کا باقاعدہ شیڈول سامنے آ گیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن میڈیا سیل کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق، پاکستانی ٹیم ٹورنامنٹ میں چار اہم میچز کھیلے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

بھارہ کہو سملی ڈیم روڈ راول ریفریشمنٹ کی افتتاحی تقریب

مہمان خصوصی کا شاندار استقبال، پھولوں کی پتیاں اور پھولوں کے ہار پہنائے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارہ کہو سملی ڈیم روڈ پر انیس الرحمن عباسی کی راول ریفریشمنٹ اینڈ ڈیرہ پروڈکٹ کی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ فریش ملک ایسوسیشن کے صدر ظفر حسین ہاشمی نے فیتا کاٹ کے افتتاح کیا مہمان خصوصی کا پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں اور پھولوں کے ہار پہنائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

حکومت غریب کش پالیسی کو ترک کرے، حنیف مغل

ہمارے ہاں تیل کی قیمتیں راتوں رات زیادہ کر دی جاتی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان تحریک شاد باد کے چیئرمین ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ حکومت خود کو غریب دوست کہنے والی جھوٹی باتیں اب ختم کریں بلکہ غریب کو آسان زندگی گزارنے کے لیے عملی اقدامات کرے آئے روز پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے غریب کش پالیسی کو ترک کرے، پاکستان تحریک شاد باد حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتی ہے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت فوری طور پر یہ اضافہ واپس لے۔ یہ بات چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے ائیر وائس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد میں سلاٹر ہاوس نہ ہونا افسوسناک ہے، خورشید قریشی

جدید سلاٹر ہاؤس، سنٹرل ہول سیل میٹ مارکیٹ کا قیام ناگزیر، افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (پ ر) صدر آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن و ممبر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ خورشید احمد قریشی نے جنرل سیکرٹری جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن و نائب صدر اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری سردار ظہیر احمد کے ہمراہ ہیون میٹ شاپ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کرتے ہوئے ربن کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر تاجر برادری اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خورشید احمد قریشی نے کہا کہ اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کا حل اولین ترجیح، مقبول ڈار

حقوق کے تحفظ کے لیے تنظیم اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

اسلام آباد (پ ر) نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، مقبول حسین ڈار ہائی وے زون کے اجلاس میں پیرا اور فیڈرل بورڈ کے فیصلوں سے شرکاء کو آگاہ کیا گیا، تعلیمی معیار کی بہتری پر زور اسلام آباد: پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے مرکزی صدر مقبول حسین ڈار نے کہا ہے کہ نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل، معیاری تعلیم کے فروغ اور سکولوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تنظیم اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گلوبل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح، مشتاق سکھیرا

انصاف کی فراہمی میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی تھانہ تھانہ مندرہ کے علاقہ میں کھلی کچہری، ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی صدر، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران بھی موجود تھے، تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے گزشتہ روز تحصیل گوجرخان کے تھانہ مندرہ میں کھلی کچہری لگائی کھلی کچہری میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی سی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سی ڈی اے مزدور یونین کے میڈیا کوآرڈینیٹر شاہد محمود ستی کی والدہ کی نماز جنازہ کے بعد دعا کی جا رہی ہے

عالمی یوم آبادی، جہلم میں سیمینار، واک کا انعقاد

مقصد آبادی کے مسائل، خاندانی منصوبہ بندی بارے شعور بیدار کرنا ہے



جہلم: (حاجی مخدوم حسین چوہدری) گزشتہ روز محکمہ صحت پنجاب کی خصوصی ہدایت پر اور ڈاکٹر میاں مظہر حیات چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ اتھارٹی جہلم کے زیراہتمام World Population Day عالمی آبادی کا دن منایا گیا یہ سلسلہ میں ضلعی سطح پر اور تحصیل کی سطح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

PMDC
PAKISTAN MINERAL DEVELOPMENT CORP.
"Say No to Corruption"

Head Office:
Plot No: 13, Sector H/9, Islamabad
44000, Pakistan. Tel: 9265123-24
E-mail: info@pmdc.gov.pk
www.pmdc.gov.pk

INVITATION OF E-BID

Pakistan Mineral Development Corporation is an autonomous corporation under the administrative control of Ministry of Energy (Petroleum Division), Government of Pakistan invites electronic bids from the interested Parties/contractors registered with Sales Tax/Income Tax Departments and Punjab Revenue Authority, and who are on active taxpayers list of the Federal Board of Revenue, for Loading and Transportation/Carriage of Rock Salt from PMDC Makrach mine No. 51 to PMDC Makrach weighbridge, Bhelowal depot and M/S LCI Khewra (Direct) for the period of one year. Detail of Transportation/Carriage work is mentioned in bidding documents.

E-Bidding documents containing detailed terms and conditions, method of procurement, bid security, opening of bid, etc. are available electronically and can be downloaded from **EPADS V2.0-PPRA** Website: **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/57197** free of cost.

The electronic bids, prepared in accordance with the instructions in the bidding document alongwith bid Money of **Rs. 200,000/-** in the shape of demand draft/pay order in the name of Pakistan Mineral Development Corporation on account of bidder must be submitted by using EPADS V2.0 on or before **27.07.2026 at 11:00 AM.** Tenders will be opened on EPADS V.2.0 on the same date at **11:30 AM** at PMDC Head Office, Islamabad.

Note:- 1. Original Bid Security Instrument Must be submitted to undersigned, before the online submission deadline of the bid; otherwise, respective bid will not be opened.

2. In case of any technical difficulty in using EPADS V2.0, prospective bidders may contact PPRA Office, 1st Floor, FBC building Sector G-5/2, Islamabad. Contact Number 051-111-137-237.

Assistant Vise President (AVP)
PMDC Head Office 13, Sector H-9, Islamabad
Ph No. 051-9265128

PID (I) No.293/26

لاہور، پاکستان کی قومی جونیئر ویمنز ہاکی ٹیم کا آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملک کے بیشتر شہروں میں بادل کھل کر برسنے، نشیبی علاقے زیر آب، سیلاب کا خطرہ

مختلف شہروں میں موسلا دھار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، مرجھائے چہرے کھل اٹھے، مزید بارشوں کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

بارشوں کے باعث شمالی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا، شہری غیر ضروری سفر نہ کریں، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (آئی این پی) مون سون کا نیا سسٹم ملک میں داخل ہوتے ہی مختلف شہروں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش ہوئی، جڑواں شہروں میں موسلا دھار بارش کے نتیجے میں نشیبی علاقے زیر آب آ گئے۔ اس کے علاوہ لاہور سمیت پنجاب کے کئی شہروں میں بھی بادل برسے۔ محکمہ موسمیات نے دیر، چترال، سوات، کوہستان، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، پشاور، ایبٹ آباد، ہری پور، بونیر، مالاکنڈ، نوشہرہ، باجوڑ، ہنگو، کوہاٹ، لکی مروت، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور وزیرستان میں بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ علاوہ ازیں پنجاب میں راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، لاہور، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیر آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال، ساہیوال، فیصل آباد، خوشاب، سرگودھا، ملتان، جھنگ، بھکر، میانوالی، لیہ اور ڈیرہ غازی خان میں بھی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سید اسماعیل شاہ کی وطن واپسی پر خیر مقدم

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) الخدمت رازی ہسپتال CBR اسلام آباد کے مخلص، خدمت شعار اور عوام دوست پیشنٹ ویلفیئر آفیسر سید اسماعیل شاہ امریکہ کے کامیاب دورے کے بعد بحفاظت وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ ان کی واپسی پر دوستوں، احباب، ساتھیوں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کسی کو بھی پابندی کے دوران تعمیرات کی اجازت نہیں، ڈی سی مری

اقدام مری کی قدرتی خوبصورتی اور ماحول کو محفوظ رکھنے کے لیے اٹھایا

مری (بیورو رپورٹ) ملکہ کوہسار مری وطن عزیز کا اہم ترین سیاحتی مقام ہے اس کے حسن اور قدرتی ماحول کو ہرصورت برقرار رکھنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں غیر قانونی تعمیرات پر مکمل پابندی ہے جس پر عملدرآمد کرایا جا رہا ہے کسی کو بھی پابندی کے دوران تعمیرات کی اجازت نہیں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تعمیرات کیخلاف کریک ڈاؤن مہم کے موقع پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر مری نے کہا کہ مری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

دیہی اور دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا بی ایچ یو میل کا دورہ کر رہے ہیں

مری میں جدید محفوظ پائیدار انفراسٹرکچر کی تکمیل پر تیزی سے کام جاری ہے، ملک صہیب احمد بھرتھ

وزیر اعلیٰ پنجاب کے مری ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت، صوبائی وزیر مواصلات کا آر ایم کے روڈ منصوبے کا تفصیلی معائنہ

منصوبے کی بروقت تکمیل سے سیاحوں، مقامی آبادی کو بھی محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی، گفتگو

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مری ڈویلپمنٹ پلان کے تحت جاری آر ایم کے روڈ منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور زیر تعمیر شاہراہ پر 31 کلومیٹر سے زائد سفر کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

نواز شریف کارڈیالوجی سینٹر مری میں سہولیات کی عدم دستیابی

متعدد مریضوں کو راولپنڈی اور دیگر بڑے ہسپتالوں میں ریفر کیا جانے لگا

مری (بیورو رپورٹ) نواز شریف کارڈیالوجی سینٹر سالمی مری میں بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث دل کے مریض شدید مشکلات کا شکار ہسپتال میں ایکو کارڈیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مری، طالب علم کو ٹکر مار کر فرار ہونے والی گاڑی کا ڈرائیور پکڑ میں نہ آسکا

مری (بیورو رپورٹ) کوہسار یونیورسٹی مری کے طالب علم کو ٹکر مار کر فرار ہونے والے ڈرائیور کے خلاف ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود مؤثر کارروائی نہ ہونے پر متاثرہ خاندان کا اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے، 3 جون کو کوہسار یونیورسٹی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مری پولیس الرٹ، 37222 گاڑیاں بحفاظت مری سے واپس روانہ

مری (بیورو رپورٹ) ہفتہ وار تعطیلات، گزشتہ 48 گھنٹوں میں 339,46 گاڑیاں مری میں داخل مری پولیس الرٹ، 37222 گاڑیاں بحفاظت مری سے واپس روانہ، ٹریفک کی مسلسل نگرانی جاری، گزشتہ 48 گھنٹوں کے اعداد و شمار کے مطابق شہر اور اس کے مضافات میں اس وقت تقریباً (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

SSP قاضی علی رضا کا رمنا پولیس اسٹیشن کا دورہ

اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کے تحت تعمیر تھانہ کے مختلف سیکشنز کا معائنہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا رمنا پولیس اسٹیشن کا دورہ۔ جدید اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کے تحت تعمیر کئے گئے تھانہ کے مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کو جلد پایا تکمیل تک پہنچانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس افسران اور عوامی سہولیات کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لینے اور انتظامی مسائل کے حل کے سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مری پولیس کا چھاپہ، جواری گرفتار، داؤ پر لگی رقم برآمد

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری اس سلسلہ میں ایس ڈی پی او مری محمد عرفان بٹ کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ پتریاٹہ سعید اکبر کیانی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356